★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض لاہور

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

جلد نمبر 15 | یکم شعبان المعظم 1446ھ، 10 فروری 2025ء 28 ماگھ 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 110

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

اسرائیل کا حالیہ بیان غیر ذمہ دارانہ اور اشتعال انگیز

اسحاق ڈار

دنیا بڑی معاشی تبدیلیوں سے گزر رہی ہے، یہ ہمارا اجتماعی فرض ہے کہ سمندری تجارت کے تحفظ کیلئے مشترکہ کوششیں کریں، وزیر دفاع

امن ڈائیلاگ مشرق اور مغرب کے درمیان ایک پل کا کردار ادا کر رہا ہے، نیول چیف کا پہلے امن ڈائیلاگ کی افتتاحی تقریب سے خطاب



کراچی: وزیر دفاع خواجہ آصف امن ڈائیلاگ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے

کراچی (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ مختلف سمندر، خوشحال مستقبل کے عنوان سے پہلے امن ڈائیلاگ کی افتتاحی تقریب منعقد ہوئی جس میں امن ڈائیلاگ میں شرکت ممالک کی بحری افواج کے چیف آف نیول سٹاف اور دیگر عہدیدار شریک ہوئے جبکہ وزیر دفاع خواجہ آصف تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ امن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)

روز کراچی میں محفوظ سمندر، خوشحال مستقبل کے عنوان سے پہلے امن ڈائیلاگ کی افتتاحی تقریب منعقد ہوئی جس میں امن ڈائیلاگ میں شرکت ممالک کی بحری ضمان ہے۔ پاک بحریہ کی امن مشقوں کے تبصرے

وزیر خزانہ کی پارلیمانی اٹیچی سے ملاقات، پاکستان اور افغانستان سے ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

لوئر (این این آئی) وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے لوئر پر مثال میں برطانیہ کے پارلیمانی اٹیچی سے آف سٹیٹ برائے مشرق وسطیٰ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

پی ٹی آئی کارکنان پر احتجاج اور جلاؤ گھیراؤ کی دفعات کے تحت درج مقدمہ انسداد دہشتگردی عدالت میں فرد جرم کی کارروائی مؤخر کرنے پر سماعت پارہ فروری کو ہوگی

اسلام آباد (آن لائن) پی ٹی آئی کارکنان پر پُرامن احتجاج اور جلاؤ گھیراؤ کی دفعات کے تحت درج مقدمہ سماعت روان ہفتے پارہ فروری کو ہوگی، انسداد دہشتگردی عدالت نے شیخ طاہر عباس سپرا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

پورے نہ ہونے پر فرد جرم کی کارروائی مؤخر کرنے پر اسلام آباد (آن لائن) پی ٹی آئی کارکنان پر

26 ویں ترمیم کو پارلیمنٹ یا سپریم کورٹ کا فیصلہ ہی ختم کر سکتا ہے، جسٹس مظہر

ریگولر بینچ قانون اور آئین کی تشریح سے متعلق معاملات میں آئین کے آرٹیکل 191-A کے تحت اپنے دائرہ اختیار میں رہیں: جسٹس مظہر کا اضافی نوٹ

آئینی بینچ کے علاوہ کسی کی جانب سے یہ دائرہ اختیار استعمال کرنا آئین وضابطے کی خلاف ورزی ہوگی، میرے خیال میں اختلاف کی کوئی گنجائش نہیں، ریمارکس

اسلام آباد (کورٹ رپورٹر) سپریم کورٹ آئینی بینچ کے سینئر جج جسٹس محمد علی مظہر نے ریگولر بینچوں کو خبردار کیا ہے کہ وہ قانون اور آئین کی تشریح سے متعلق معاملات میں آئین کے آرٹیکل 191-A کے تحت

کارکنان آواز اٹھاتے تو خزاں کے بعد بہار نہ آتی، وزیراعظم

عدالتوں، کچہریوں اور تھانوں میں موجود رہتے تھے، نواز شریف اور پورے خاندان نے جو تختیاں جھیلیں اور غم برداشت کئے، وہ ناقابل بیان ہیں، عطاء تارڑ

نواز شریف، شہباز شریف، حمزہ شہباز کی گرفتاری سب کے سامنے ہے، ہمارے لیڈران کو جب پیش کیا جاتا تو لاؤڈ سپیکروں پر ہوٹر بجائے جاتے تاکہ کوئی میڈیا پر بات نہ کرلے

لاہور (سٹی رپورٹر) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ ماضی میں بہت

شہباز شریف، حمزہ شہباز کی گرفتاری سب کے سامنے ہے، ہمارے لیڈران کو جب پیش کیا جاتا تو لاؤڈ سپیکروں پر ہوٹر بجائے جاتے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

میرا بس چلے تو ٹیکس 15 فیصد کر دوں

شہباز شریف

ٹیم ورک سے ملک کو ڈیفالٹ سے بچایا، پاکستان نے ایک سال میں اندھیروں سے نکل کر اجالوں کی طرف جو سفر کیا ہے، یہ کسی فرد واحد کا کام نہیں ہے بلکہ ایک اجتماعی کاوش کا نتیجہ ہے: وزیراعظم

ہم نے مشکل فیصلے کیے ملک کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنا ہے، گزشتہ حکومت پر تنقید نہیں کرنا چاہتا لیکن معیشت کا برا حال تھا، سرمایہ کاروں کے ساتھ زیادتی ہوئی اور گزشتہ حکومت میں مہنگائی 40 فیصد پر پہنچ گئی تھی

پہلی سی پی اے ایشیا اور ساؤتھ ایسٹ ایشیا کانفرنس کی افتتاحی تقریب میں قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی، سپیکر ملک محمد احمد خان کا دیگر غیر ملکی مندوبین اور قومی وصوبائی پارلیمانی اراکین کے ہمراہ گروپ فوٹو



کوئی اور ملک ہوتا تو ہمارے ساتھ کیا کرتا، ہم نے ایسا کیا کیا؟ شہباز شریف کی تفصیلی پریس کانفرنس

(CPA) کی ایشیا اور جنوب مشرقی ایشیا کی دو روزہ کانفرنس اختتام پذیر

چارٹر آف لاہور" کی منظوری دی گئی، جمہوری روایات، آئین وپارلیمنٹ کی بالادستی کیلئے مشترکہ تعاون پر زور

موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے، خواتین، نوجوانوں اور اقلیتوں کے لیے موثر قانون سازی پر بھی کام کرنے کا عندیہ

لاہور (نمائندہ) پنجاب اسمبلی میں منعقدہ دو روزہ کانفرنس کا انعقاد پنجاب پارلیمانی ایسوسی ایشن (CPA) کی ایشیا اور مشترک پارلیمانی ایسوسی ایشن (CPA) کی ایشیا اور جنوب مشرقی ایشیا کی دو روزہ کانفرنس اختتام پذیر ہو گئی، جس کے اختتام پر ہی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

فلسطینی سرزمین فلسطینی عوام کی ہے، نیا وزیر اعظم

دونوں وزراء نے مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر خصوصی توجہ مرکوز کی، فریقین نے غزہ میں فلسطینیوں کی مسلسل حالت زار پر تبادلہ خیال کیا

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور ایرانی ہم منصب کا ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ شفقت علی خان کے مطابق دونوں وزراء نے مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر خصوصی توجہ مرکوز کی، فریقین نے غزہ میں فلسطینیوں کی مسلسل حالت زار پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں وزراء نے ٹیلیفون رابطہ کیا جس میں دونوں وزراء نے مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر خصوصی توجہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)



فوجی عدالتوں سے سویلینز کے ٹرائل انٹرا کورٹ اپیل کی سماعت آج ہوگی

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ کے آئینی بنچ میں فوجی عدالتوں میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

بشریٰ بی بی اور دیگر کی عبوری ضمانتوں میں توسیع کی سماعت 17 فروری کو ہوگی

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد کی انسداد دہشت گردی عدالت سیت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

فتح جنگ: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان شہید سپاہی باسل علی کے درجات کی بلندی کیلئے فاتحہ کر رہے ہیں

امریکا سمیت 16 ممالک سے مزید 118 پاکستانیوں کو نکال دیا گیا

سعودی عرب سے پاسپورٹ گم، بلیک لسٹ اور غیر قانونی کام کرنے پر 61 پاکستانی بیدخل

کراچی (این این آئی) امریکا، جاپان، کوریا، 118 سے پاکستانیوں کو بیدخل کر دیا گیا۔ بعض کو سپین، تھائی لینڈ سمیت 16 ممالک سے مزید کراچی ایئرپورٹ پر گرفتار کرلیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

قیادت میرے آنے پر ناخوش تھی تو پہلے بتا دیتی، شیر افضل مروت

صوابی جلسے میں نہ بیٹھنے کے لیے مناسب جگہ ملی نہ ہی خطاب کا موقع ملا، میڈیا سے گفتگو

پشاور (این این آئی) رہنما پی ٹی آئی شیر افضل مروت کا کہنا ہے کہ اگر قیادت میرے آنے پر ناخوش تھی تو پہلے بتا دیتی، شیر افضل مروت نے اپنے ایک بیان میں شکوہ کرتے ہوئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

صوابی جلسے میں 5 ہزار لوگ جمع نہ ہو سکے، عظمیٰ بخاری

خیبر پختونخواہ کے عوام نے بھی بانی پی ٹی آئی کی انتشار اور جلاؤ گھیراؤ کی سیاست کو مسترد کر دیا، وزیر اطلاعات پنجاب کا بیان

چینی کہ اپنے پہلے امتحان میں ہی بری طرح فیل ہو گئے، علی امین نے حسب روایت کپتان پر بانی پی ٹی آئی کو خوش کرنے کی ناکام کوشش کی

لاہور (صمید فیاض/مسلم لیگ (ن) کی رہنما مصطفیٰ بخاری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخواہ کے عوام نے بھی بانی پی ٹی آئی کو خوش کرنے کی ناکام کوشش کی ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ جلوس کے استعمال اور سرکاری ملازمین کی جلسے میں حاضریاں لگا کر بھی بانی پارٹی بندے اکٹھے نہیں کر سکے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ چینی کہ اپنے پہلے امتحان میں ہی بری طرح فیل ہو گئے ہیں، جبکہ علی امین گنڈاپور نے حسب روایت کپتان پر بانی پی ٹی آئی کو خوش کرنے کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

کارکنوں کا جذبہ دیکھ کر خوشی ہوئی، شوکت یوسفزئی

پی ٹی آئی کسی بھی فورم پر انتشار کی دھاندلی کے کوئی ثبوت پیش نہ کر پائی، جرم ثابت نہیں ہوا

لاہور (این این آئی) رہنما تحریک انصاف شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ کسی کو پہنے ہوئے کپڑوں سے پہچانا نہیں چاہیے، جو کچھ ہوا وہ افسوسناک ہے، کارکنوں کا جذبہ دیکھ کر خوشی ہوئی، ہم نے کسی کو نہیں روکا، ہم نے کسی کو نہیں کہا کہ آپ نہ آئیں، ہم نے کسی کو نہیں کہا کہ آپ نہ جائ

روزنامہ قوت لاہور

سٹی نیوز

منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

منشیات فروش نے پولیس پارٹی کو دیکھتے ہی اپنے ساتھیوں سمیت سیدھی فائرنگ شروع کردی

چوآسیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) ڈی پی او ضلع پولیس آفیسر چکوال ڈاکٹر محمد حسن عباس کی ہدایت پر ایس ڈی پی او چوآسیدن شاہ سرکل انسپکٹر محمد ارشد کی زیر نگرانی تھانہ چوآسیدن شاہ پولیس پارٹی نے اشتہاری ملزم کو گرفتار کرنے کی کوشش کی تو ملزم نے اپنے ساتھیوں سمیت پولیس پارٹی پر سیدھی فائرنگ کر دی۔ پولیس پارٹی نے جوابی کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ملزم کے قبضہ سے 1 کلو 120 گرام چرس، 120 گرام آئس اور ایک پستول برآمد کیا گیا۔ ملزم کے خلاف تھانہ چوآسیدن شاہ میں مقدمہ درج کر لیا گیا۔ ملزم کی شناخت محمد ارشد ولد عبداللہ خان ساکن میانوالی بتائی جاتی ہے۔ ڈی پی او چکوال کیپٹن (ر) محمد علی نیکوکارا نے پولیس پارٹی کو شاباش دی ہے۔

مرکزی انجمن تاجران وچیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے میڈیا وآؤٹ ریچ عامر خان رشتہ ازدواج میں بندھ گئے



طلباء راشد صوفی ایم اے، صدر پریس کلب احمد نذیر بٹ، نظام مہر نفیسہ قریشی، پی ٹی آئی کے سٹی صدر میاں اقبال حیدر، کنور عمران سعید، سینئر رہنما رانا عباس علی خان، ڈاکٹر محمد نعیم چوہدری، حاجی غلام نبی ورک، ویلفیئر ونگ کے کھیل صدر چوہدری نعیم شہزاد سرہ، صدر انجمن تاجران کرامت مارکیٹ ریلوے روڈ رانا محمد اکرم، عارف باجوہ، محمد ایوب، حافظ مدثر شیخ کاشف عارف و دیگر سیاسی سماجی رہنماؤں اور صنعت وتجارت سے وابستہ نمائندہ شخصیات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ مہمانوں نے نوبیاہتا جوڑے کو مبارکباد اور خوشگوار ازدواجی زندگی کی دعائیں دیں جبکہ عامر خان نے تمام مہمانوں کا دعوت ولیمہ میں شرکت کرنے پر شکریہ ادا کیا۔

لودھی گروپ جلسہ یونین کونسل نمبر 4 نائکن ٹبہ معائنہ آئل لودھی صاحب و دیگر یونین کونسل نمبر 4 نائکن ٹبہ کی بڑی تعداد میں شرکت

ڈاکٹر صدیق، پیر سید شمیم الحسنین شاہ، یاسین جٹ چٹیالوں کی جانب سے شاندار استقبال کیا گیا

سانوالی (میر اسے ڈی کیمپ رپورٹر) لودھی گروپ جلسہ یونین کونسل نمبر 4 نائکن ٹبہ معائنہ آئل لودھی صاحب و دیگر یونین کونسل نمبر 4 نائکن ٹبہ کی بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر ڈاکٹر فرقد عالمگیر و دیگر معزز مہمانوں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ لودھی گروپ کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ ڈاکٹر صدیق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اور وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی ہدایات پر سکولوں میں بچوں کے لئے داخلہ کی مہم زور وشور سے جاری ہے۔ نئے داخلہ شاہ، یاسین جٹ چٹیالوں کی جانب سے شاندار استقبال کیا گیا۔ اہالیان نائکن ٹبہ کی بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اہالیان نائکن ٹبہ کے مسائل کے حل کیلئے بڑے پیمانے پر کام کروانے کا یقین دلایا۔ جلدتر قابل کام مکمل کروانے کا کہا۔ ڈویلپمنٹ کو لودھی خاندان کی اولین ترجیح ہے۔



نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:15

فقیہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 بجے، مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786



لاہور: ایم کلاب گلاب دیوی ہسپتال پروفیسر حامد حسن کلاب دیوی ایجوکیشنل کمپلیکس میں نئے طلبہ طالبات کی حلف برداری تقریب سے خطاب کر رہے ہیں، سینیئر صحافی مجیب الرحمن شامی، پروفیسر ڈاکٹر زبیر ڈین العلیم میڈیکل کالج، ڈاکٹر عابد ہاشمی پرنسپل ڈائریکٹر العلیم کالج و دیگر شریک ہیں

گلاب دیوی ایجوکیشنل کمپلیکس میں میڈیکل کے شعبے سے منسلک نئے داخل ہونے والے طلبہ وطالبات کے لیے حلف برداری تقریب کا انعقاد

گلاب دیوی ہسپتال ایک غیر مذہب نے تعمیر کروایا، خدمت کا کوئی دین نہیں ہوتا: سینیئر صحافی

تقریب میں ایم ایس گلاب دیوی ٹیچنگ ہسپتال کے پروفیسر حامد حسن اور پرنسپل ڈائریکٹر العلیم میڈیکل کالج ڈاکٹر عابد علی ہاشمی کی بھی شرکت

طلبات تعلیم پر توجہ مرکوز کریں اور میڈیکل کے شعبے میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کریں: سنیئر صحافی مجیب الرحمٰن شامی

لاہور (خبر نگار) ہم ایس گلاب دیوی ٹیچنگ ہسپتال پروفیسر حامد حسن نے کہا ہے کہ میڈیکل کے شعبہ میں آنے والے طلبہ اس شعبہ کو عبادت سمجھ کر جوائن کریں۔ حدیث مبارکہ کا مفہوم کہ جس نے ایک انسان کی جان بچائی گویا اس نے پوری انسانیت کو بچایا۔ ڈاکٹر ہر روز کئی انسانوں کی جان بچانے کا فریضہ انجام دیتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز گلاب دیوی ہسپتال میں میڈیکل کے مختلف شعبہ جات میں آنے والے نئے طالب علموں کی حلف برداری تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ حلف برداری تقریب میں سنیئر صحافی مجیب الرحمٰن شامی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ گلاب دیوی ہسپتال میں 23 پوسٹ گریجویٹ پروگرام ہو رہے ہیں 12 ان شعبوں میں ایف سی پی ایس کر رہے ہیں۔ کارڈیالوجی، سرجری سمیت تمام اہم شعبوں میں ایف سی پی ایس کرا رہے ہیں۔ 6 نومبر 1947 میں قائد اعظم نے گلاب دیوی ہسپتال کا وزٹ کیا تھا 1947 میں پناہ گزینوں کی گلاب دیوی ہسپتال میں لایا گیا تھا۔ پروفیسر ڈاکٹر زبیر ڈین العلیم میڈیکل کالج نے بھی خصوصی شرکت کی۔ ایم ایس گلاب دیوی ڈاکٹر حامد حسن، ڈاکٹر عابد علی ہاشمی، سرجری سمیت تمام اہم شعبوں میں ایف سی پی ایس کرا رہے ہیں۔ 6 نومبر 1947 میں قائد اعظم نے گلاب دیوی ہسپتال کا وزٹ کیا تھا 1947 میں پناہ گزینوں کی گلاب دیوی ہسپتال میں لایا گیا تھا۔ پروفیسر ڈاکٹر زبیر ڈین العلیم میڈیکل کالج نے بھی 2015 میں فارمیسی کا شعبہ شروع کیا، 2016 میں نیورلیشن، بائیو کیمسٹری اور مائیکرو بائیولوجی شروع کیا، 2018 میں نرسنگ انسٹیٹیوٹ شروع کیا، العلیم ریسرچ سنٹر شروع کیا 2017 میں العلیم میڈیکل کالج بنایا، اگلا پراجیکٹ العلیم انٹرنیشنل یونیورسٹی کا قیام ہے۔ جس کو اللہ کی مدد سے پایۂ تکمیل تک پہنچائیں گے۔



جامعہ اہلحدیث چوک دالگراں میں عظمت صحابہ واہل بیت کانفرنس اور تقریب تکمیل صحیح البخاری تقسیم اسناد وانعامات کے موقع پر حافظ عبدالغفار وڑائچ، قاری یعقوب شیخ، حافظ عبدالوہاب روپڑی خطاب کر رہے ہیں، سٹیج پر پروفیسر عبدالمجید، حافظ مسعود عالم، مولانا ابوسعد ربانی، مولانا یحیی پسروری، حافظ عبدالوحید شاہد، مولانا بلال احمد، مولانا سلمان شاکر قاری فیاض چیمہ بیٹھے ہیں

صوبائی وزیر صحت کا نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کی سائٹ کا دورہ

نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی لاہور پر تیزی سے کام جاری ہے۔ خواجہ سلمان رفیق



لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی لاہور کی سائٹ کا دورہ کیا۔ موقع پر ڈاکٹر فرقد عالمگیر و دیگر بھی موجود تھے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی لاہور پر تیزی سے کام جاری ہے اور انشاء اللہ اس کا کارڈیالوجی ہسپتال کو جاری پیڈیاٹرک ایمرجنسی، ایڈمن بلاک، ڈائیلاسز یونٹ، کیتھ لیبز، کیتھ لیبز کنٹرول روم، کیتھ لیبز ریکوری روم، کارڈیالوجی آئی سی یو، کارڈیالوجی ایچ ڈی یو، کارڈیالوجی وارڈز، کارڈیالوجی او پی ڈیز، کارڈیالوجی ایمرجنسی، کارڈیالوجی ایکسٹرنل فکسیشن، کارڈیالوجی ایکو لیبز، کارڈیالوجی ٹریڈ مل ٹیسٹ لیبز، کارڈیالوجی ہولٹر لیبز، کارڈیالوجی ٹیلی میٹری یونٹ، کارڈیالوجی ایمبولینس

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 10 فروری 2025ء

ڈپٹی کمشنر کا ستھرا پنجاب پروگرام کے سلسلہ میں شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ

ڈپٹی کمشنر نے ٹیچر کالونی، بجلی محلہ، چوک صدیق اکبر، شیر پورہ، ریلوے لائن اور دیگر علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے وہاں صفائی کے کاموں کا جائزہ لیا



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے ستھرا پنجاب پروگرام کے سلسلہ میں شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا جہاں انہوں نے صفائی ستھرائی اور دیگر کاموں کا جائزہ لیا۔ سی ای او ایم سی اکرام اللہ سندھو اور سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے ٹیچر کالونی، بجلی محلہ، چوک صدیق اکبر، شیر پورہ، ریلوے لائن اور دیگر علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے وہاں صفائی کے کاموں کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ایم سی اور سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے افسران کو ہدایت کی کہ شہر کی گلی، محلوں اور دیگر علاقوں کی صفائی کے نظام میں بہتری لائی جائے۔ سیوریج نالوں، نالیوں اور ایسے نشیبی علاقوں جہاں پانی جمع ہے اسے فوری طور پر صاف کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے اپنے دورے کے دوران شہریوں سے ستھرا پنجاب پروگرام کے حوالہ سے فیڈ بیک بھی لیا۔ شہریوں نے صفائی ستھرائی اور تجاوزات کے خلاف جاری آپریشن کا خیر مقدم کرتے ہوئے اس جاری رکھنے کا مطالبہ کیا، اس پر ڈپٹی کمشنر نے انہیں یقین دلایا کہ شہر کی تمام سڑکوں سمیت اندرون شہر، گلی، محلوں کی صفائی ستھرائی کو ہر ممکن طریقہ سے یقینی بنایا جائے گا۔ ستھرا پنجاب پروگرام اور صفائی ستھرائی کے نظام کو بہتر بنانے میں کسی قسم کی لاپرواہی یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

انچارج نمائندگان احساس 9 قمر عباس اعوان اور انکی ٹیم کی لالیاں پریس کلب آمد

خاور عباس مونا فیصل مونا گلزار بھوآنہ کی لالیاں پریس کلب آمد۔ اس موقع پر انکا جنرل سیکرٹری غلام جلال الدین نے بھرپور استقبال کیا



لالیاں (رانا کاشف کلیم سے) انچارج نمائندگان احساس 9 قمر عباس اعوان اور انکی ٹیم کی لالیاں پریس کلب آمد۔ نومنتخب صدر اور ممبران کو مبارکباد پیش کی۔ تفصیلات کے مطابق انچارج نمائندگان احساس 9 قمر عباس اعوان اور انکی ٹیم جن میں محترم خاور عباس مونا فیصل مونا گلزار بھوآنہ کی لالیاں پریس کلب آمد۔ اس موقع پر انکا جنرل سیکرٹری غلام جلال الدین نے بھرپور استقبال کیا۔ لالیاں کے پھولوں کے ہار پہنائے اور مٹھائی دی۔ آخر میں عمر رضا مگھڑ نے مہمانوں کا عزت افزائی اور حوصلہ افزائی کا شکریہ ادا کیا۔

اللہ چیئرمین رانا کاشف کلیم۔ جنرل سیکرٹری غلام جلال الدین۔ سید علی مشتاق۔ سلیم اللہ۔ جنجوعہ اور دیگر عہدیداران کو مبارکباد پیش کی۔ اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر انکا کہنا تھا ہمیں بہت خوشی ہوئی۔ صحافت کے میدان میں بلاشبہ آپکی خدمات لائق تحسین ہیں۔ اللہ تعالی آپکو مزید ترقی و کامرانی سے نوازے۔ اس موقع پر انہوں نے نومنتخب عہدیداران کو پھولوں کے ہار پہنائے اور مٹھائی دی۔ آخر میں عمر رضا مگھڑ نے مہمانوں کا عزت افزائی اور حوصلہ افزائی کا شکریہ ادا کیا۔

ڈی پی او پاکپتن جاوید چدھڑ کی جانب سے کھلی کچہری کا اہتمام

ڈی پی او نے کھلی کچہری میں شکایات سنیں اور انکے مسائل کو ٹائم فریم کے اندر حل کر کے رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کیے



عارفوالا (نمائندہ قوت محمد نوید ڈوگرسے) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن انصاف عوام کی دہلیز پر مکمل پیرا ہوتے ہوئے ڈی پی او پاکپتن جاوید چدھڑ کی جانب سے تھانوں سے باہر گاؤں دیہاتوں اور مساجد میں جا کر کھلی کچہریاں لگانے کا سلسلہ جاری ڈی پی او پاکپتن جاوید چدھڑ نے جامعہ مسجد ڈی بلاک عارفوالا تھانہ سٹی عارفوالا میں کھلی کچہری لگائی ڈی پی او نے کھلی کچہری میں شکایات سنیں اور انکے مسائل کو ٹائم فریم کے اندر حل کر کے رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او نے کھلی کچہری میں مزید گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مساجد میں کھلی کچہریاں لگانا اور لوگوں کے مسائل سننا ہمارے نبی اور خلفائے راشدین کی سنت ہے، کھلی کچہری لگانے کا مقصد پولیس ہیڈکوارٹر سے دور دراز کے علاقوں کے رہائشی لوگوں کو پولیس دفاتر اور تھانوں سے باہر نکل کر اللہ کے گھر میں جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن عوام الناس کو تھانوں کے باہر لگنے ڈور سٹیپ پر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے مساجد میں کھلی کچہریاں لگانا اور لوگوں کے مسائل سننا ہمارے نبی اور خلفائے راشدین کی سنت ہے، کھلی کچہری لگانے کا مقصد پولیس ہیڈکوارٹر سے دور دراز کے علاقوں کے رہائشی لوگوں کو پولیس دفاتر اور تھانوں سے باہر نکل کر اللہ کے گھر

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

فچ نے معاشی مضبوطی کی تصدیق کردی

عالمی ریٹنگ ایجنسی فچ نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ پاکستان معاشی استحکام کی بحالی پر پیش رفت کررہا ہے۔ سٹیٹ بینک کا شرح سود 12 فیصد کرنا، صارف کیلئے مہنگائی کم ہونے کی دلیل ہے۔ صوبوں نے زرعی انکم ٹیکس پر قانون سازی کرلی۔ زرمبادلہ کے ذخائر بڑھے اور بیرونی فنانسنگ ضرورت میں کمی ہوئی۔ جولائی میں ریٹنگ بڑھ سکتی ہے۔ فچ کی رپورٹ کے مطابق مضبوط ترسیلات زر، زرعی برآمدات میں اضافہ، سخت پالیسیز سے کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس میں تبدیل ہوگیا۔ فچ کی رپورٹ پاکستان کی معیشت میں استحکام اور بہتری کی عکاسی کرتی ہے، جو ایک مثبت پیشرفت ہے۔ کرنٹ اکاونٹ کا سرپلس میں جانا، مضبوط ترسیلات زر، زرعی برآمدات میں اضافہ اور سخت پالیسیوں کے نتیجے میں مالیاتی استحکام ایک خوش آئند اشارہ ہے۔ معاشی اصلاحات پر ہونے والی پیشرفت سے نہ صرف کریڈٹ پروفائل مستحکم ہوگا بلکہ پاکستان خودانحصاری کی راہ پر بھی گامزن ہورہا ہے۔ پرائمری سرپلس کا آئی ایم ایف کے ہدف سے زیادہ ہونا اور زرعی انکم ٹیکس پر قانون سازی اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ مالیاتی نظم وضبط کو برقرار رکھا جارہا ہے۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے پالیسی ریٹ کو 12 فیصد تک کم کرنا مہنگائی میں کمی کے اقدامات کی عکاسی کرتا ہے، جو عوام کو ریلیف فراہم کرنے کی طرف ایک قدم ہے۔ حکومتی اعداد وشمار کے مطابق جنوری 2025 میں مہنگائی کی سالانہ شرح 2 فیصد سے کچھ زیادہ رہی، پچھلے سال مہنگائی تقریبا 24 فیصد کی اوسط شرح پر تھی۔ مہنگائی میں تیزی سے کمی کی بنیادی وجوہات میں ماضی کے سبسڈی اصلاحات کے اثرات کا کم ہونا بھی ہے۔ سبسڈی جہاں پہ دی جانی چاہیے وہاں پہ اسے جاری رکھنا بھی ضروری ہے۔ اب حکومت پر لازم ہے کہ وہ اس معاشی بہتری کے ثمرات عام آدمی تک منتقل کرے تاکہ مہنگائی میں واقعتاً کمی آئے، روزگار کے مواقع بڑھیں اور عوام کو براہ راست فائدہ پہنچے۔ معیشت میں آنے والی مضبوطی کو عوام کی فلاح و بہبود کے لیے بروئے کار لانا حکومت کی اولین ترجیح ہونی چاہیے تاکہ پاکستان حقیقی معنوں میں اقتصادی خودانحصاری کی منزل حاصل کرسکے۔

افغان طالبان حکومت اور عالمی تعلقات

پاکستان کے آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے افغان طالبان کو سخت انتباہ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کے اندرونی معاملات میں کسی بھی مداخلت کا گزشتہ کی طرح ہی سخت جواب دیا جائے گا۔ یہ انتباہ پاکستانی عسکریت پسند گروپوں پر طالبان کے اثر و رسوخ کے بارے میں خدشات کے درمیان آیا ہے۔ آرمی چیف کا بیان پاکستان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کے عزم کی نشاندہی کرتا ہے۔ ملک طویل عرصے سے افغان تنازعہ کے پھیلنے والے اثرات اور عسکریت پسند گروپوں کی صورت حال سے فائدہ اٹھانے کے امکانات کے بارے میں فکرمند ہے۔ یہ بات قابل غور ہے کہ پاکستان کے طالبان کے ساتھ تاریخی طور پر پیچیدہ تعلقات رہے ہیں، اس نے اس سے قبل افغانستان میں اس گروپ کے اقتدار میں آنے کی حمایت کی تھی تاہم، حالیہ برسوں میں پاکستان نے اپنی سرحدوں کے اندر سرگرم عسکریت پسند گروپوں کے خلاف کریک ڈاون کے لیے اقدامات کئے ہیں۔ علاقائی استحکام اور سلامتی ممکنہ مضمرات کے پیش نظر بین الاقوامی برادری ممکنہ طور پر اس صورتحال کو قریب سے دیکھے گی۔ افغان مسائل پر پاکستان کا موقف کثیر جہتی ہے اور وقت کے ساتھ ساتھ اس میں تبدیلی آئی ہے۔ حال ہی میں پاکستان کے نگراں وزیر اعظم انوارالحق کاکڑ نے افغانستان میں طالبان حکومت پر تنقید کرتے ہوئے ان پر تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کی پاکستان مخالف شورش کی حمایت کا الزام لگایا تھا۔ تنقید علاقائی سلامتی پر طالبان کے اثرات کے بارے میں پاکستان کے خدشات کو اجاگر کرتی ہے۔ پاکستان بھی افغان مہاجرین کے بحران سے نمٹنے کی کوششوں میں سرگرم عمل ہے۔ وزیر سفیر ان امیر مقام نے اس بات پر زور دیا کہ پناہ گزینوں کے مسئلے کے حل کے لیے محفوظ اور پرامن افغانستان ضروری ہے۔ پاکستان نے رجسٹرڈ افغان مہاجرین کی مدد کی ہے، لیکن مقام نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ بوجھ بانٹیں اور اپنے وعدوں کو پورا کریں۔ اقتصادی تعاون کے حوالے سے پاکستان نے پاکستان میں سعودی سرمایہ کاری کے لیے سعودی عرب کے ساتھ کئی منصوبوں پر بات چیت کی ہے جس سے ممکنہ طور پر افغانستان کو بھی فائدہ پہنچ سکتا ہے۔ پاکستان کے دفتر خارجہ نے بھی غزہ کی صورت حال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کشیدگی میں کمی، فوری جنگ بندی اور انسانی امداد کا مطالبہ کیا ہے۔ مجموعی طور پر، افغان مسائل پر پاکستان کا موقف علاقائی سلامتی کو فروغ دینے، مہاجرین کے بحران سے نمٹنے اور اقتصادی تعاون کی حمایت پر مرکوز ہے۔ افغان حکومت کا مستقبل اور طالبان کی بقا غیر یقینی اور پیچیدہ مسائل ہیں۔ یہاں ایک مختصر تجزیہ ہے طالبان کے چیلنجز: طالبان کو افغانستان پر حکومت کرنے میں اہم چیلنجز کا سامنا ہے جس میں بنیادی خدمات کی فراہمی، معاشی پریشانیوں سے نمٹنے اور بین الاقوامی تعلقات کو نیویگیشن کرنا شامل ہیں۔ طالبان نے ایک جامع حکومت کا وعدہ کیا ہے، لیکن یہ دیکھنا باقی ہے کہ آیا وہ اس وعدے کو پورا کریں گے اور مختلف آوازوں کو ایڈجسٹ کریں گے۔ افغان حکومت کا مستقبل اور طالبان کی بقا کا انحصار اندرونی اور بیرونی عوامل کے پیچیدہ تعامل پر ہوگا۔ ٹرمپ کے پالیسی بیانات کے گرد طالبان تنازعہ نے افغان حکومت کے مستقبل کے بارے میں خدشات کو جنم دیا ہے۔ ٹرمپ انتظامیہ نے سلامتی اور انسداد دہشت گردی پر طالبان کی ضمانتوں کے بدلے افغانستان سے امریکی افواج کے انخلا پر اتفاق کیا تھا۔ تاہم، کابل پر طالبان کے تیزی سے قبضے اور افغان حکومت کے خاتمے نے اس گروپ کے ارادوں اور ملک کے مستقبل کے بارے میں سوالات کو جنم دیا ہے۔ امریکی انخلا نے طاقت کا خلا پیدا کر دیا ہے اور طالبان کی قیادت نے ابھی تک ایک جامع حکومت تشکیل نہیں دی ہے۔ بین الاقوامی برادری قریب سے دیکھ رہی ہے، امریکہ سمیت بہت سے ممالک، امداد اور اثاثے اس وقت منجمد کر رہے ہیں جب تک کہ طالبان انسانی حقوق اور گڈ گورننس کے لیے عزم کا مظاہرہ نہیں کرتا طالبان کو تمام افغانوں کی نمائندگی کرنے والی حکومت بنانے کے لیے نسلی اور علاقائی مفادات کے پیچیدہ جال میں جانا چاہیے۔ انسانی حقوق کے خدشات کو دور کرنا :_ طالبان کے انسانی حقوق کے ریکارڈ کی جانچ پڑتال کی گئی ہے، اور عالمی برادری خواتین کے حقوق، آزادی اظہار اور اقلیتوں کے تحفظ کی ضمانتوں کے لیے دباو ڈال رہی ہے۔ طالبان کو افغانستان کو دہشت گرد گروہوں کی پناہ گاہ بننے سے روکنے کے لیے اپنے عزم کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ افغان معیشت زبوں حالی کا شکار ہے، اور طالبان کو معیشت کو مستحکم کرنے اور بین الاقوامی امداد اور سرمایہ کاری کو راغب کرنے کا راستہ تلاش کرنا چاہیے۔ افغان حکومت کا مستقبل ابھی تک غیر یقینی ہے، اور بہت کچھ طالبان کی ان چیلنجوں سے نمٹنے اور اچھی حکمرانی اور انسانی حقوق کے عزم کا مظاہرہ کرنے کی صلاحیت پر منحصر ہوگا۔ پاکستان کے آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے افغان طالبان کو سخت انتباہ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کے اندرونی معاملات میں کسی بھی مداخلت کا گزشتہ کی طرح ہی سخت جواب دیا جائے گا۔ یہ انتباہ پاکستانی عسکریت پسند گروپوں پر طالبان کے اثر و رسوخ کے بارے میں خدشات کے درمیان آیا ہے۔ آرمی چیف کا بیان پاکستان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کے عزم کی نشاندہی کرتا ہے۔ ملک طویل عرصے سے افغان تنازعہ کے پھیلنے والے اثرات اور عسکریت پسند گروپوں کی صورت حال سے فائدہ اٹھانے کے امکانات کے بارے میں فکرمند ہے۔ یہ بات قابل غور ہے کہ پاکستان کے طالبان کے ساتھ تاریخی طور پر پیچیدہ تعلقات رہے ہیں، اس نے اس سے قبل افغانستان میں اس گروپ کے اقتدار میں آنے کی حمایت کی تھی تاہم، حالیہ برسوں میں پاکستان نے اپنی سرحدوں کے اندر سرگرم عسکریت پسند گروپوں کے خلاف کریک ڈاون کے لیے اقدامات کئے ہیں۔ علاقائی استحکام اور سلامتی ممکنہ مضمرات کے پیش نظر بین الاقوامی برادری ممکنہ طور پر اس صورتحال کو قریب سے دیکھے گی۔ افغان مسائل پر پاکستان کا موقف کثیر جہتی ہے اور وقت کے ساتھ ساتھ اس میں تبدیلی آئی ہے۔ حال ہی میں پاکستان کے نگراں وزیر اعظم انوارالحق کاکڑ نے افغانستان میں طالبان حکومت پر تنقید کرتے ہوئے ان پر تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کی پاکستان مخالف شورش کی حمایت کا الزام لگایا تھا۔ تنقید علاقائی سلامتی پر طالبان کے اثرات کے بارے میں پاکستان کے خدشات کو اجاگر کرتی ہے۔ پاکستان بھی افغان مہاجرین کے بحران سے نمٹنے کی کوششوں میں سرگرم عمل ہے۔ وزیر سفیر ان امیر مقام نے اس بات پر زور دیا کہ پناہ گزینوں کے مسئلے کے حل کے لیے محفوظ اور پرامن افغانستان ضروری ہے۔ پاکستان نے رجسٹرڈ افغان مہاجرین کی مدد کی ہے، لیکن مقام نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ بوجھ بانٹیں اور اپنے وعدوں کو پورا کریں۔ اقتصادی تعاون کے حوالے سے پاکستان نے پاکستان میں سعودی سرمایہ کاری کے لیے سعودی عرب کے ساتھ کئی منصوبوں پر بات چیت کی ہے جس سے ممکنہ طور پر افغانستان کو بھی فائدہ پہنچ سکتا ہے۔ پاکستان کے دفتر خارجہ نے بھی غزہ کی صورت حال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کشیدگی میں کمی، فوری جنگ بندی اور انسانی امداد کا مطالبہ کیا ہے۔ مجموعی طور پر، افغان مسائل پر پاکستان کا موقف علاقائی سلامتی کو فروغ دینے، مہاجرین کے بحران سے نمٹنے اور اقتصادی تعاون کی حمایت پر مرکوز ہے۔ افغان حکومت کا مستقبل اور طالبان کی بقا غیر یقینی اور پیچیدہ مسائل ہیں۔ یہاں ایک مختصر تجزیہ ہے طالبان کے چیلنجز: طالبان کو افغانستان پر حکومت کرنے میں اہم چیلنجز کا سامنا ہے جس میں بنیادی خدمات کی فراہمی، معاشی پریشانیوں سے نمٹنے اور بین الاقوامی تعلقات کو نیویگیشن کرنا شامل ہیں۔ طالبان نے ایک جامع حکومت کا وعدہ کیا ہے، لیکن یہ دیکھنا باقی ہے کہ آیا وہ اس وعدے کو پورا کریں گے اور مختلف آوازوں کو ایڈجسٹ کریں گے۔ افغان حکومت کا مستقبل اور طالبان کی بقا کا انحصار اندرونی اور بیرونی عوامل کے پیچیدہ تعامل پر ہوگا۔ ٹرمپ کے پالیسی بیانات کے گرد طالبان تنازعہ نے افغان حکومت کے مستقبل کے بارے میں خدشات کو جنم دیا ہے۔ طالبان کو معاشی دباو کو نیویگیٹ کرنا چاہیے، بشمول ایک بڑھتے ہوئے انسانی بحران اور بین الاقوامی امداد اور سرمایہ کاری کو راغب کرنے کی ضرورت۔ طالبان کو شدید بین الاقوامی جانچ پڑتال کا سامنا کرنا پڑے گا، بہت سے ممالک اس بات پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں کہ آیا وہ اپنے وعدوں کو پورا کرتے ہیں یا نہیں۔ طالبان ایک مستحکم حکومت قائم کر سکتے ہیں، بنیادی خدمات کی



فراہمی اور سلامتی کو برقرار رکھ سکتے ہیں۔* . طالبان کا ٹکڑا :*طالبان ٹکڑے ٹکڑے ہو سکتے ہیں، جس کی اندرونی تقسیم حکومتی نظام میں خرابی کا باعث بنتی ہے۔3 ISIS-K کا دوبارہ آغاز: ISIS-K طالبان کی کمزوریوں سے فائدہ اٹھا سکتا ہے، حملے دوبارہ شروع کر سکتا ہے اور ملک کو غیر مستحکم کر سکتا ہے۔ .4بین الاقوامی مداخلت :*بین الاقوامی برادری افغانستان میں واقعات کے تشکیل کے لیے فوجی یا اقتصادی طور پر مداخلت کر سکتی ہے۔ بالآخر، افغان حکومت کا مستقبل اور طالبان کی بقا کا انحصار اندرونی اور بیرونی عوامل کے پیچیدہ تعامل پر ہوگا۔ ٹرمپ کے پالیسی بیانات کے گرد طالبان تنازعہ نے افغان حکومت کے مستقبل کے بارے میں خدشات کو جنم دیا ہے۔ طالبان کو معاشی دباو کو نیویگیٹ کرنا چاہیے، بشمول ایک بڑھتے ہوئے انسانی بحران اور بین الاقوامی امداد اور سرمایہ کاری کو راغب کرنے کی ضرورت۔ طالبان کو شدید بین الاقوامی جانچ پڑتال کا سامنا کرنا پڑے گا، بہت سے ممالک اس بات پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں کہ آیا وہ اپنے وعدوں کو پورا کرتے ہیں یا نہیں۔ طالبان ایک مستحکم حکومت قائم کر سکتے ہیں، بنیادی خدمات کی



محسن نقوی سے صوبائی وزیر کھیل کی ملاقات، چیمپئنز ٹرافی کے انتظامات بارے تبادلہ خیال

فیصل کھوکھر نے ریکارڈ مدت میں قذافی سٹیڈیم کی تعمیر نو پر چیئرمین پی سی بی کو مبارکباد دی

لاہور (میاں شہروز سے) چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی سے صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل کھوکھر نے ملاقات کی ہے۔ قذافی سٹیڈیم میں ہونے والی ملاقات میں دونوں رہنماں کے درمیان باہمی دلچسپی کے امور، کرکٹ ٹورنامنٹس کے انعقاد اور چیمپئنز ٹرافی کے انتظامات کے حوالے سے تبادلہ خیال ہوا، فیصل کھوکھر نے ریکارڈ مدت میں قذافی سٹیڈیم کی تعمیر نو پر چیئرمین پی سی بی کو مبارکباد دی۔ صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل کھوکھر کا کہنا تھا کہ آپ نے بڑے ٹاسک کو جس خوش اسلوبی سے مکمل کیا وہ قابل ستائش ہے، پی سی بی کے تعاون سے کرکٹ کو ہر سطح پر فروغ دینا چاہتے ہیں۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے پنجاب حکومت کو کھیلوں کے فروغ کے لئے ہر ممکن تعاون کی پیشکش کی۔ محسن نقوی کا اس موقع پر کہنا تھا کہ اللہ تعالی نے قذافی سٹیڈیم کی تعمیر نو کے لئے ٹیم کی دن رات کی محنت کا ثمر دیا، چیمپئنز ٹرافی کے لئے تیاریاں مکمل ہیں۔ فیصل کھوکھر نے ریکارڈ مدت میں قذافی سٹیڈیم کی تعمیر نو پر چیئرمین پی سی بی کو مبارکباد دی

سہ ملکی سیریز کا دوسرا میچ (آج) نیوزی لینڈ، جنوبی افریقہ کی ٹیموں کے مابین کھیلا جائیگا

لاہور (آئی این آئی) سہ ملکی کرکٹ سیریز کا دوسرا میچ آج (پیر) کے روز قذافی اسٹیڈیم لاہور میں نیوزی لینڈ اور جنوبی افریقہ کی کرکٹ ٹیموں کے مابین کھیلا جائے گا۔ نیوزی لینڈ نے اپنی مہم کا آغاز میزبان پاکستان کو 78 رنز سے شکست دے کر کیا ہے۔ نیوزی لینڈ کی ٹیم کی نظریں جنوبی افریقہ کو شکست دے کر فائنل میں جگہ بنانے پر مرکوز ہوں گی۔ دوسری جانب جنوبی افریقہ بھی اپنی مہم کا آغاز جیت کے ساتھ کرنے کی کوشش کرے گا۔



گال انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں سری لنکا اور آسٹریلیا کے درمیان سیریز کا دوسرا ٹیسٹ میچ جیتنے کے بعد آسٹریلیا کے مارنس لبوشگن اور عثمان خواجہ جشن منا رہے ہیں



لاہور: جنوبی افریقہ کی کرکٹ ٹیم کے کپتان ٹیمبا باووما سہ ملکی سیریز کی ٹرافی کے ہمراہ

چیمپئنز ٹرافی میں اس بار ایک قدم آگے جا کر ایونٹ جیتیں گے، ٹیمبا باووما

لاہور (میاں شہروز سے) جنوبی افریقہ کرکٹ ٹیم کے کپتان ٹیمبا باووما نے کہا ہے کہ چیمپئنز ٹرافی میں اس بار ایک قدم آگے جا کر ایونٹ جیتیں گے، نوجوان کھلاڑیوں سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کریں گے۔ میچ سے قبل دیکھیں گے کہ کنڈیشن کیسی ہیں، اگر دونوں اسپنر کھلانے کی ضرورت پڑی تو دونوں کو چانس دیں گے۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے نوکیا ٹیم سے باہر ہوگئے ہیں ان کی کمی محسوس کریں گے، کورن بوش کے آنے سے ٹیم کو فائدہ ہوگا، وہ ایک اچھے کھلاڑی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امید کرتے ہیں کہ اس بار ایک قدم آگے جا کر ایونٹ جیتیں گے، ہمارے نئے کھلاڑی زیادہ تجربہ کار نہیں، ہمارے بولرز مختلف طرح کے ہیں جن سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کریں گے۔ ٹیمبا باووما نے کہا کہ اگر بولرز نے اچھا ردھم حاصل کرلیا تو ہماری ٹیم کیلئے بہترین ہوگا، پاکستان اپنے ہوم کنڈیشن میں بہت اچھی کرکٹ کھیلتی ہے، پاکستان کے خلاف ہوم سیریز کھیل کر آئے ہیں جس کا ہمیں فائدہ ہوگا۔ نوکیا کی کمی محسوس کرینگے، پاکستانی ٹیم ہوم کنڈیشن میں اچھی کرکٹ کھیلتی ہے، کپتان جنوبی افریقہ کرکٹ ٹیم۔ پاکستان کے خلاف ہوم سیریز کھیل کر آئے ہیں جس کا ہمیں فائدہ ہوگا۔ نوکیا کی کمی محسوس کرینگے

گلبدین نائب دبئی کیپیٹلز کو ٹرافی دلانے کی صلاحیت رکھتے ہیں، آسٹریلوی لیجنڈ وارنر

دبئی (این این آئی) آئی ایل ٹی 20 فائنل سے قبل پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے دبئی کیپیٹلز کے اسٹار اوپنر ڈیوڈ وارنر نے ٹورنامنٹ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کے بعد اپنی ٹیم کے لئے ٹرافی حاصل کرنے کا عزم ظاہر کیا ہے بھی شامل ہیں۔ ڈیوڈ وارنر نے کیپیٹلز کے فائنل تک کے سفر میں اہم کردار ادا کیا ہے انہوں نے کہا کہ پس پردہ عملے سے لیکر جی ایم آر مالکان اور میدان میں پرفارم کرنے والے کھلاڑیوں تک ہر کوئی پرجوش ہے۔ ہم گزشتہ برس بہت قریب پہنچ چکے تھے اور امید ہے کہ رواں سال کی ٹرافی ہم لیکر جائیں گے۔ ڈیزرٹ وائپرز کے خلاف ٹیم کی گزشتہ فتوحات پر بات کرتے ہوئے وارنر محتاط رہے۔ انہوں نے کہا کہ جب آپ نے انہیں ایک دو بار ہرایا ہے کہ یہ بہت خوفناک بات ہوجاتی ہے اور بعض اوقات یہ رفتار ٹوٹ سکتی ہے لیکن امید ہے کہ ایسا نہیں ہوگا اور ہم اپنی فارم جاری رکھ سکتے ہیں۔ آسٹریلوی کھلاڑی نے ٹیم کی کامیابی میں افغان آل راؤنڈر گلبدین نائب کے کردار کو بھی سراہا۔ ان کی رائے تھی کہ گلبدین مضبوط سے مضبوط تر ہوگئے ہیں۔ انہوں نے ان وکٹوں پر خود اچھی طرح ڈھال لیا ہے وہ ہمارے لئے ایک بڑے کھلاڑی ہیں اور وہ فائنل میں ہمیں ٹرافی دلا سکتے ہیں۔

مجموعی طور پر کھیلے گئے 72 ون ڈے انٹرنیشنل میچز میں جنوبی افریقہ کا پلڑا بھاری

لاہور (میاں شہروز سے) انگلینڈ اور جنوبی افریقہ کی کرکٹ ٹیموں کے مابین 1992 سے اب تک 72 ون ڈے انٹرنیشنل میچ کھیلے گئے جن میں سے 25 میچ نیوزی لینڈ نے جیتے اور 42 میں جنوبی افریقہ کا پلڑا بھاری رہا جبکہ 5 میچ غیر فیصلہ کن رہے۔ جنوبی افریقہ کا نیوزی لینڈ کے خلاف کامیابی کا تناسب 58.33 فیصد اور نیوزی لینڈ کا جنوبی افریقہ کے خلاف کامیابی کا تناسب 34.72 فیصد ہے۔ جنوبی افریقہ اور نیوزی لینڈ کے درمیان کھیلے گئے میچوں میں سب سے زیادہ رنز بنانے کا ریکارڈ جنوبی افریقہ کے سابق آل راؤنڈر جیک کیلس کے پاس ہے۔ لیجنڈری بیٹسمین نے بلیک کیپس کے خلاف 45 ون ڈے میچ کھیلے اور تین سنچریوں اور تو نصف سنچریوں کی مدد سے 1449 رنز بنائے۔ کوئی بیٹسمین اس مقابلے میں 1300 رنز کا ہندسہ بھی عبور کرنے میں کامیاب نہیں ہوسکا۔ جبکہ نیوزی لینڈ کے سابق کپتان اسٹیفن فلیمنگ کے پاس جنوبی افریقہ کے خلاف ون ڈے میں سب سے زیادہ رنز بنانے کا ریکارڈ ہے۔ فلیمنگ نے پروٹیز کے خلاف 40 ون ڈے میچ کھیلے اور دو سنچریوں اور سات نصف سنچریوں کی مدد سے 1280 رنز بنائے۔ جنوبی افریقہ اور نیوزی لینڈ کے درمیان کھیلے گئے میچوں میں بولرز میں زیادہ وکٹیں لینے کا اعزاز جنوبی افریقہ کے شان پولاک کے پاس ہے۔

دبئی کیپیٹلز اور ڈیزرٹ وائپرز آئی ایل ٹی 20 سیزن 3 کے فائنل میں پنجہ آزمائی کے لئے تیار

دبئی (این این آئی) ڈی پی ورلڈ آئی ایل ٹی 20 کی تاریخ میں ایک نیا نام لکھا جائے گا جب دبئی کیپیٹلز اور ڈیزرٹ وائپرز سیزن 3 کے ٹائٹل کے لئے دبئی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں مدمقابل ہوں گے۔ کئی ہفتوں کی پرجوش کرکٹ اور 10 لاکھ ڈالر سے زائد کے انعامی پول کے بعد اب یہ ٹورنامنٹ اپنے شاندار اختتام کو پہنچ رہا ہے۔ دبئی کیپیٹلز نے اپنے گزشتہ مقابلوں میں ڈیزرٹ وائپرز کے خلاف لگاتار پانچ فتوحات حاصل کی ہیں۔ تاہم وائپرز اس سیزن میں سب سے زیادہ دیکھنے والی ٹیم رہی ہے اور انہوں نے مقررہ وقت سے پہلے ہی پلے آف میں جگہ بنالی تھی۔ کوالیفائر 1 میں کیپیٹلز کے ہاتھوں شکست سمیت سیزن کے آخری سیزن میں ناکامی کے باوجود وائپرز نے جمعہ کو شارجہ وارئیرز کو 7 وکٹوں سے شکست دیکر فائنل میں جگہ بنائی۔ ڈی پی ورلڈ آئی ایل ٹی 20 میں مجموعی طور پر 10 لاکھ ڈالر سے زائد کی انعامی رقم دی جائے گی جس میں چیمپئن کو 7 لاکھ ڈالر اور رنراپ کو 3 لاکھ ڈالر ملے گے۔ سب سے زیادہ رنز بنانے والے کو گرین بیلٹ، سب سے زیادہ وکٹیں لینے والے کو وائٹ بیلٹ، سب سے قیمتی کھلاڑی کو ریڈ بیلٹ، اور متحدہ عرب امارات کے بہترین کھلاڑی کو بلیو بیلٹ دی جائے اس کے ساتھ ہر بیلٹ جیتنے والے کو 15 ہزار امریکی ڈالر کا نقد انعام دیا جائے گا۔

قومی باکسنگ چیمپئین شپ کا آغاز (آج) سے ہوگا

140 مینز، 112 خواتین باکسرز مدمقابل ہونگے، صدر باکسنگ فیڈریشن

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان باکسنگ فیڈریشن کے زیر اہتمام قومی باکسنگ چیمپئین شپ کا آغاز آج (پیر) سے ہوگا جس میں ملک بھر سے 252 باکسرز ایکشن میں دکھائی دینگے۔ پاکستان باکسنگ فیڈریشن کے صدر کرنل (ر) ناصر اعجاز تنگ کے مطابق کراچی میں کھیلی جانیوالی 41 ویں نیشنل ایلیٹ مینز باکسنگ چیمپئین شپ کی دس کیٹیگریز میں 140 باکسرز مدمقابل ہونگے جبکہ پانچویں وومینز باکسنگ چیمپئین شپ کی آٹھ کیٹیگریز میں 112 خواتین باکسرز ایکشن میں دکھائی دیں گی۔ ناصر تنگ نے بتایا کہ 15 فروری تک کھیلے جانیوالے مقابلوں میں آرمی، نیوی، ائیرفورس، واپڈا، ریلویز، ایچ ای سی، کراچی پورٹ ٹرسٹ، پولیس، آزاد کشمیر کی ٹیموں کے باکسرز ایکشن میں دکھائی دینگے۔ انہوں نے بتایا چیمپئین شپ کے شاندار انعقاد کیلئے تمام تر انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں میگا تنگ نے بتایا کہ ورلڈ باکسنگ کیا یونٹ ورلڈ باکسنگ کے قوانین کے تحت کھیلا جائیگا۔ 140 مینز، 112 خواتین باکسرز مدمقابل ہونگے، صدر باکسنگ فیڈریشن چیمپئین شپ کے شاندار انعقاد کیلئے تمام تر انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں میگا تنگ نے بتایا کہ ورلڈ باکسنگ کیا یونٹ ورلڈ باکسنگ کے قوانین کے تحت کھیلا جائیگا۔



لاہور: پانچویں جناح کولڈ کپ کے تیسرے روز ایچ این اور اول پیالے زیڈ بی کی ٹیموں کے درمیان میچ کا منظر



لاہور: پانچویں جناح کولڈ کپ کے تیسرے روز ایچ این اور اول پیالے زیڈ بی کی ٹیموں کے درمیان میچ کا منظر



امریکا میں خطرناک وبا نے قدم جما لیے، ہزاروں افراد ہلاک

فلو کی وبا کے باعث کچھ ریاستوں میں اسکولوں کو بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، امریکی میڈیا

نیویارک (این این آئی) امریکہ میں انفلوئنزا کی شرح گزشتہ 15 سالوں میں سب سے زیادہ سطح پر آ گئی ہے جس میں بدستور اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے، اب تک ہزاروں افراد خطرناک وبا کا شکار ہو کر موت کے منہ میں چلے گئے۔ امریکی ٹی وی کے مطابق امریکی سینٹرز فار ڈیزیز کنٹرول اینڈ پریونشن نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ اس سیزن میں اب تک فلو کے باعث کم از کم 24 ملین افراد بیمار، 3 لاکھ 10 ہزار اسپتال میں داخل جبکہ 13 ہزار اموات رپورٹ ہوئی ہیں، جن میں کم از کم 57 بچے بھی شامل ہیں۔ امریکی سینٹرز فار ڈیزیز کنٹرول اینڈ پریونشن نے اپنی ہفتہ وار فلو کی نگرانی کی رپورٹ میں کہا ہے کہ موسمی فلو کا زور ملک بھر میں دن بہ دن بڑھتا جا رہا ہے۔ فلو کی وبا کے باعث کچھ ریاستوں میں اسکولوں کو بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، فورٹ ورتھ، ٹیکساس کے قریب گوڈلی انڈیپنڈنٹ سکول میں 32 سو طلبہ زیر تعلیم تھے۔ اس اسکول کو منگل کو 650 طلبہ اور 60 ملازمین کی غیر حاضری کے بعد تین دن کے لیے بند کر دیا گیا

اسرائیل نے 3 قیدیوں کی رہائی کے بدلے 183 فلسطینیوں کو آزادی کا پروانہ تھما دیا

غزہ (این این آئی) اسرائیل نے 3 اسرائیلی قیدیوں کی رہائی کے بدلے 183 فلسطینیوں کو رہا کر دیا جن میں سے 7 فلسطینیوں کو ابتدائی طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق فلسطین کی مزاحمتی تنظیم حماس نے تین 3 اسرائیلی قیدیوں کو دیر البلاح سے رہا کیا۔

قاہرہ: غزہ کی صورتحال پر مصر میں ہنگامی عرب سربراہی اجلاس طلب

قاہرہ (این این آئی) غزہ کی صورتحال پر مصر کی میزبانی میں 27 فروری کو ہنگامی عرب سربراہی اجلاس منعقد ہوگا۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق مصری وزارت خارجہ کے بیان میں کہا گیا کہ اجلاس کا فیصلہ عرب ممالک بشمول فلسطین سے اعلی سطح پر ہونے والی مشاورت کے بعد کیا گیا ہے۔

اوہان، اسکاٹ لینڈ: 134 ویں سالانہ اسپرنگ شو اور فروخت میں ہائی لینڈ مویشیوں کو شو رنگ میں پیش کر رہا ہے

نریندر مودی 8 فروری 2025 کو نئی دہلی میں قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں جیت کا جشن منانے کے لیے بی جے پی کے ہیڈ کوارٹر پہنچتے ہی فتح کا نشان بنا رہے ہیں

شہری سوشل میڈیا پر اجنبی دوست نہ بنائیں ابوظہبی پولیس

آن لائن بلیک میل ہو کر کسی کو بھتہ ادا نہ کیا جائے، شہریوں کو ہدایت جاری

ابوظہبی (این این آئی) ابوظہبی کی حکومت نے شہریوں کو خبردار کیا ہے کہ سوشل میڈیا پر اجنبی دوست نہ بنائیں، آن لائن بلیک میل ہو کر کسی کو بھتہ ادا نہ کیا جائے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ابوظہبی پولیس نے اپنی آگاہی سیریز ابواب کی ایک نئی قسط جاری کی ہے، جس میں سوشل میڈیا پر نامعلوم افراد کے ساتھ رابطے کے خطرات اور آن لائن بلیک میلنگ کے خطرات کو اجاگر کیا گیا۔ تازہ ترین قسط آدھاری رہائشیوں کو آن لائن بھتہ خوری کے نتائج کے بارے میں آگاہ کرنے کے لیے حقیقی زندگی کے منظرنامے کو پیش کرتی ہے، اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ بلیک میلنگ ایک ایسا جرم ہے جس کی قانون کے تحت سزا دی جا سکتی ہے۔ پولیس نے عوام پر زور دیا ہے کہ وہ بھتہ خوروں کے مطالبات پر عمل نہ کریں اور نہ ہی دھمکیوں کے تحت رقم بھیجیں۔ حکام نے زور دے کر کہا کہ سائبر بلیک میلنگ کے متاثرین ٹول فری نمبر 8002626 (AMAN2626) پر کال کر کے، 2828 پر ٹیکسٹ میسج بھیج کر یا aman@adpolice.gov.ae ای میل کر کے امن سروس کے ذریعے خفیہ طور پر کسی بھی وقت مفت مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ ابوظہبی پولیس اصل معاملات پر مبنی ڈرامائی آگاہی مواد تیار کرنا جاری رکھے ہوئے ہے۔

بیوروکریسی کی خفیہ نگرانی، امیر دبئی نے بہترین اور بدترین سرکاری اداروں کے ناموں کا اعلان کر دیا

ابوظہبی (این این آئی) متحدہ عرب امارات کے نائب صدر، وزیر اعظم اور امیر دبئی شیخ محمد بن راشد المکتوم نے خفیہ نگرانی کے بعد بہترین اور بدترین تین سرکاری اداروں کے ناموں کا اعلان کر دیا۔ عرب میڈیا کے مطابق امیر دبئی شیخ محمد بن راشد المکتوم نے کارکردگی کی بنیاد پر گزشتہ سال کے بہترین اور بدترین سرکاری اداروں کے ناموں کا اعلان کر دیا۔ محکمہ انصاف، محکمہ خارجہ، محکمہ توانائی اور انفرا اسٹرکچر کو بہترین سرکاری ادارے جب کہ پینشن اتھارٹی، امارات پوسٹ اور وزارت کھیل کو بدترین سرکاری ادارے قرار دیا گیا۔ ان درجہ بندیوں کا اعلان کرتے ہوئے دبئی کے حکمران نے کہا کہ ہم نے سرکاری اداروں میں بہتر خدمات، اعلی کارکردگی اور لوگوں کی زندگی آسان بنانے کے لیے ایک جائزہ شروع کیا تھا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ بہترین سرکاری محکمے قرار دیے گئے اداروں میں بیوروکریسی کا مقابلہ کرنے کی اپنی کوششوں میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ شیخ محمد بن راشد نے بری کارکردگی دکھانے والے سرکاری اداروں سے کہا کہ بیوروکریسی کے برسوں سے بنائے گئے خراب نظام کو چند ہی دنوں میں جرات مندانہ اور فوری فیصلوں سے بدلا جا سکتا ہے۔ سرکاری بیوروکریسی سادہ چیزوں کو پیچیدہ بنا دیتی ہیں۔

امریکا، جاپان، کوریا، سینیگال، تھائی لینڈ سمیت 16 ممالک سے مزید 118 سے پاکستانیوں کو بیدخل کر دیا گیا، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا، جاپان، کوریا، سینیگال، تھائی لینڈ سمیت 16 ممالک سے مزید 118 سے پاکستانیوں کو بیدخل کر دیا گیا۔ بعض کو کراچی پہنچنے پر گرفتار کر لیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امیگریشن ذرائع نے بتایا کہ سعودی عرب سے پاسپورٹ گم ہونے، بلیک لسٹ، معاہدے کی خلاف ورزی اور غیر قانونی کام کرنے کے الزامات پر 61 پاکستانیوں کو بیدخل کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق غیر قانونی طور پر عراق میں داخل ہونے اور زائد المعاد قیام پر 15 پاکستانیوں کو واپس بھیجا گیا جبکہ عمان سے 7 پاکستانیوں کو غیر قانونی داخل ہونے، آجر کی جانب سے ملازمت سے برطرف کرنے اور بلیک لسٹ ہونے پر واپس بھیجا گیا۔ اس کے علاوہ امریکا میں ایک پاکستانی کو ناقابل قبول قرار دے کر واپس بھیجا گیا، کوریا میں بھی ایک پاکستانی کو داخل نہیں ہونے دیا گیا جبکہ تھائی لینڈ میں ہوٹل کی بکنگ نہ ہونے اور اخراجات کی رقم کم ہونے پر 2 پاکستانیوں کو انٹری نہیں دی گئی۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ بحرین، یوگنڈا، کینیا، قبرص، مراکش، کوریا، سینیگال، بوسٹوانہ سے ایک ایک پاکستانی کو ڈی پورٹ جبکہ جاپان میں 2 پاکستانیوں کو وزٹ ویزا کے لیے مطمئن نہ کر سکنے پر ملک سے نکال دیا گیا۔

دہلی اسمبلی کے انتخابات میں 27 سال بعد بی جے پی بھاری اکثریت سے کامیاب

10 سال سے برسر اقتدار عام آدمی پارٹی 21 سیٹیں ہی حاصل کر سکیں، کانگریس مکمل طور پر محروم رہی، بھارتی میڈیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کی دہلی اسمبلی کے انتخابات میں مرکزی حکمران جماعت بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) نے اکثریت حاصل کر لی۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق دہلی اسمبلی کے انتخابات کیلئے 5 فروری کو ووٹنگ ہوئی تھی جس کے بعد آج ووٹوں کی گنتی جاری ہے۔ دہلی میں حکومت بنانے کیلئے 70 میں سے 38 نشستوں پر کامیابی درکار ہے اور اب تک کے نتائج کے مطابق بی جے پی سادہ اکثریت سے زیادہ نشستیں حاصل کر چکی ہے۔ بھارتی الیکشن کمیشن کے مطابق دہلی اسمبلی کے 70 کے ایوان میں بھارتیہ جنتا پارٹی نے 44 سیٹیں جیت لیں اور اسے مزید 4 نشستوں پر برتری حاصل ہے۔ 10 سال سے برسر اقتدار عام آدمی پارٹی 21 سیٹیں ہی حاصل کر سکی اور اسے 1 نشست پر برتری حاصل ہے، اس کے علاوہ کانگریس ایک بھی حلقہ نہ جیت سکی۔ بھارتیہ جنتا پارٹی نے 27 سال بعد دہلی اسمبلی کے انتخابات میں کامیابی حاصل کی ہے، اس سے قبل 1998 میں سشما سوراج آخری وزیر اعلی رہی تھیں۔ عام آدمی پارٹی نے 10 سال بعد دہلی اسمبلی میں اکثریت کھو دی اور سابق وزیر اعلی اروند کیجر یوال بھی اپنی نشست سے ہاتھ دھو بیٹھے۔

پیوٹن سے یوکرین جنگ کے خاتمے پر بات ہوچکی، امریکی صدر

روسی صدر کے پاس جنگ کے خاتمے کے لیے ٹھوس منصوبہ ہے، ٹرمپ کا انٹرویو

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے روسی صدر ولادیمیر پیوٹن سے فون پر بات چیت کی ہے، جس میں یوکرین میں جنگ کے خاتمے پر تبادلہ خیال کیا گیا ہے۔ برطانوی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق ایک انٹرویو میں جب ٹرمپ سے پوچھا گیا کہ دونوں رہنماؤں نے کتنی بار بات کی ہے؟، تو ان کا کہنا تھا کہ بہتر یہی ہے کہ یہ نہ بتایا جائے، تاہم انہوں نے کہا کہ پیوٹن چاہتے ہیں کہ لوگوں کی اموات نہ ہوں، انہیں مرنے سے بچایا جائے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے انٹرویو میں بتایا کہ ان کے پیوٹن کے ساتھ ہمیشہ اچھے تعلقات رہے ہیں اور پیوٹن کے پاس جنگ کے خاتمے کے لیے ٹھوس منصوبہ ہے، تاہم انہوں نے مزید تفصیلات ظاہر نہیں کیں۔ امریکی صدر نے کہا کہ مجھے امید ہے کہ جنگ کے خاتمے کا عمل تیز ہو جائے گا، ہر روز لوگ مر رہے ہیں، یوکرین میں یہ جنگ بہت خراب ہے، میں اس خوف ناک چیز کو ختم کرنا چاہتا ہوں۔ روسی صدارتی محل کریملن اور وائٹ ہاس نے فوری طور پر اس حوالے سے تبصرہ کرنے کی درخواست کا جواب نہیں دیا۔



بے گھر فلسطینی نو فروری 2025 کو غزہ کے شمالی حصوں کی طرف جاتے ہوئے نتزارم راہداری کو عبور کر رہے ہیں) عمر القطا / اے ایف پی (



بے گھر فلسطینی نو فروری، 2025 کو شمالی غزہ کی جانب جاتے ہوئے نتزارم راہداری سے گزر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
بانی: میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

سرکاری افسران کے وزیراعلیٰ پنجاب گڈ گورننس انیشی ایٹیوز کے تحت علی الصبح شہر کے دورے

ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کا علی الصبح دیہی مرکز صحت لدھیوالہ وڑائچ کا اچانک دورہ



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ہیلتھ ریفارمز پروگرام کے تحت سرکاری اسپتالوں اور مراکز صحت میں ادویات کی دستیابی اور مریضوں کو مفت طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے ستھرا پنجاب پروگرام جائزہ کے حوالے سے حافظ آباد روڈ اور ملحقہ علاقوں کا تفصیلی دورہ کیا۔ گوجرانوالہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی اور نجی کنزیکٹر کو شہر کے مضافاتی علاقوں کو صاف ستھرا بنانے کے حوالے سے خصوصی ہدایات جاری کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے حافظ آباد روڈ اور دیگر علاقوں میں صفائی کی صورتحال پر عدم اطمینان کا اظہار کیا اور کہا ہے کہ کوڑا اپوائنٹس کلیئر کریں اور ان علاقوں میں کوڑے دان رکھیں تاکہ شہری ان کوڑا دانوں میں کوڑا کرکٹ ڈالیں۔ اس کے علاوہ انہوں نے حافظ آباد روڈ پر غیر قانونی طور پر جانور ذبح کرنے والے دو کاندار کی سخت سرزنش کرتے ہوئے وارننگ دی آئندہ غیر قانونی سرگرمی میں ملوث پائے جانے پر قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے روڈ اور فٹ پاتھس پر تجاوزات قائم کرنے والے دو کانداروں کو فوری تجاوزات ختم کرنے کی ہدایت کی، انہوں نے حافظ آباد روڈ پر تجاوزات کے خاتمے کیلئے اسسٹنٹ کمشنر صدر کو ہدایات بھی جاری کیں اور عملدرآمد نہ کرنے پر کاروائی کے بھی احکامات جاری کیے۔

پولیو مہم کے دوران اب تک 15 لاکھ سے زائد بچوں کو قطرے پلائے گئے

ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے ایوننگ ریویو اجلاس کی صدارت کی



فیصل آباد (میاں محمد ساجد) ضلع میں انسداد پولیو کی جاری مہم کے دوران اب تک 6 روز میں پانچ سال تک کی عمر کے 15 لاکھ 59 ہزار 391 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جا چکے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے ایوننگ ریویو اجلاس کی صدارت کی۔ انہوں نے کہا کہ مہم کے آخری روز گھر گھر جا کر کسی وجہ سے رہ جانے والے بچوں کو تلاش کر کے پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں اور سوفیصد ہدف کی تکمیل تک کمربستہ رہیں۔ انہوں نے کہا کہ آخری دن بھی جذبوں میں کمی نہیں آنی چاہیے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ والدین کو اپنے پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو سے بچانے کے دو قطرے ہر بچہ ہر مہم کا پیغام ہر گھر تک پہنچائیں۔ اجلاس کے دوران عالمی ادارہ صحت کے نمائندہ نے مہم پر جاری عملدرآمد پر اطمینان کا اظہار کیا اور پولیو کے مکمل خاتمہ تک تعاون جاری رکھنے کی یقین دہانی کرائی۔ سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر اسفندیار اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔

امیدوار پنجاب بار سیالکوٹ سیٹ حسن سرفراز کی فیاض باجوہ سے تعزیت

ایس۔اینڈ اے ایسوسی ایٹس کی دعائیہ محفل میں شرکت



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) چوہدری فیاض باجوہ کی والدہ کے انتقال پر ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس نے دعائیہ محفل میں شرکت کی۔ امیدوار پنجاب بار کونسل سیالکوٹ سیٹ چوہدری حسن سرفراز بھلی ایڈووکیٹ و صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری عرفان اللہ وڑائچ، ملک شہباز احمد اعوان ایڈووکیٹ، سعد میر ایڈووکیٹ، طاہر ہندلی ایڈووکیٹ، حافظ فیاض ایڈووکیٹ و ساتھی وکلاء نے چوہدری فیاض باجوہ ایڈووکیٹ کی والدہ کے انتقال پر ملال پر انکے ساتھ اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے اجتماعی دعا کی۔ چوہدری حسن سرفراز بھلی نے کہا کہ دنیا میں ماں باپ کا کوئی نعم البدل نہیں ماں باپ کی دعائیں اپنی اولاد کیلئے اللہ تعالیٰ کے خاص فضل و کرم کا باعث ہوتی ہیں۔

ناجائز منافع خوروں کیخلاف 03 لاکھ 15 ہزار 443 کاروائیاں کی گئیں

312 خلاف ورزیوں پر 10 لاکھ 97 ہزار 5 سو روپے سے زائد کے جرمانے عائد، 1418 افراد گرفتار کرلیا گیا



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ و وزیر آباد نوید احمد کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنرز/ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی جانب سے یکم فروری سے اب تک 08 دنوں میں ناجائز منافع خوروں کیخلاف 03 لاکھ 15 ہزار 443 کاروائیاں کی گئیں، 312 خلاف ورزیوں پر 10 لاکھ 97 ہزار 5 سو روپے سے زائد کے جرمانے عائد، 1418 افراد گرفتار، 01 مقدمہ کا اندراج اور 842 کاروباری مراکز کو سیل کر دیا گیا۔ پرائس کنٹرول میکنزم کو بہتر بنایا گیا ہے، گلی محلوں اور تمام یونین کونسلوں میں پرائس مجسٹریٹس باقاعدگی سے چھاپہ مار کاروائیاں کر رہے ہیں تاکہ مصنوعی مہنگائی کا تدارک یقینی بنایا جاسکے۔ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے پٹرول، پھلوں/سبزیوں اور دیگر اشیائے ضروریہ کی مہنگے داموں فروخت کے حوالے سے درجنوں مارکیٹوں پر چھاپہ مار کاروائیاں کیں اور مصنوعی مہنگائی کا سبب بننے والے دو کانداروں کو جرمانے عائد کیے۔ انہوں نے کہا کہ اشیائے ضروریہ کی ارزاں نرخوں پر فروخت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا اس سلسلہ میں شہری ضلعی انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں اور جہاں کہیں بھی مہنگے داموں اشیائے ضروریہ کی فروخت ہو تو فوری نشاندہی کرتے ہوئے شکایات درج کروائیں تاکہ غیر قانونی منافع خوروں اور ذخیرہ اندوزوں کو قانون کے شکنجے میں لاتے ہوئے ان کے خلاف کاروائی عمل میں لائی جاسکے۔

سہیل محمود بٹ امن کمیٹی کے چیئرمین اور صداقت ڈگر اصدر منتخب

تمام مسالک ایک پیج پر ہیں ہمارا مشن صرف امن ہے: گفتگو



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) سہیل محمود بٹ امن کمیٹی تھانہ نارنگ کے چیئرمین اور چوہدری صداقت علی ڈگر اصدر منتخب امن کمیٹی کے سرپرست اعلیٰ چوہدری سخاوت علی ڈگر اممبران شہباز احمد کڑھائی والے اعظم علی باجوہ میاں محمد معظم نواز نے مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ امید ہے نو منتخب چیئرمین اور صدر علاقے میں قیام امن کیلئے اپنا کردار احسن طریقے سے ادا کریں گے قیام امن کیلئے تمام مسالک ایک پیج پر ہیں ان شاء اللہ مل کر علاقے کو امن کا گہوارہ بنائیں گے نو منتخب چیئرمین سہیل محمود بٹ اور صدر چوہدری صداقت علی ڈگر انے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ امن کمیٹی کا مشن صرف اور صرف امن بھائی چارے کی فضا کو برقرار رکھنا ہے جس کیلئے تمام مسالک کا کردار اہم ہے علماء خطبات جمعہ اور تقریروں میں بین المسالک امن پر زور دیں خصوصاً نوجوان سوشل میڈیا پر کسی بھی قسم کی پوسٹ لگانے سے پہلے اچھی طرح جانچ پڑتال کرلیا کریں تاکہ کسی بھی فرقہ وارانہ پوسٹ کی تشہیر سے بچا جاسکے سوشل میڈیا سمیت کسی بھی پلیٹ فارم پر مذہبی منافرت پھیلانے والوں سے سختی سے نمٹا جائے گا۔

اوکاڑہ انجمن تاجران کا گول چوک میں ضلعی انتظامیہ خلاف احتجاجی مظاہرہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ انجمن تاجران کا گول چوک میں ضلعی انتظامیہ خلاف احتجاجی مظاہرہ اوکاڑہ کی تاجر برادری ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ کے نامناسب رویہ پر آگ بگولہ ہوگئے احتجاجی مظاہرہ میں دکانداروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اوکاڑہ انجمن تاجران کا گول چوک میں ضلعی انتظامیہ خلاف احتجاجی مظاہرہ اوکاڑہ کی تاجر برادری ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ کے نامناسب رویہ پر آگ بگولہ ہوگئے احتجاجی مظاہرہ میں ان کا کہنا تھا کہ پہلے ہمارے دکانوں کو گرایا جا رہا ہے۔ اب ناجائز جرمانے کیے جا رہے ہیں تاجروں پر 50 سے 20 ہزار جرمانہ عائد کرنا ظلم ہے غریب تاجر اتنے بھاری جرمانے کیسے ادا کریں تاجروں پر مسلسل حکومت کی جانب سے قلم کیا جا رہا ہے کون سی غلطی ہوئی ہے جس کی ہم کو سزا دی جا رہی ہے حکومت فل فور ضلعی انتظامیہ کے اس غلط اقدام کا نوٹس لیں اگر جرمانوں کو نہ روکا گیا تو ہم اگلا لائحہ عمل کا اعلان کریں گے خدا دا حکومت پنجاب ہوش کے ناخن لے اور ہم تاجروں پر رحم کرے تاکہ ہم اپنے کاروبار کو اہمیت دیں اور باآسانی زندگی بسر کریں۔

درود شریف کی بہت بڑی فضیلت ہے: مفتی نوید اقبال

جامع مسجد نور مصطفیٰ پرانے ہسپتال والی میں ماہانہ محفل درود وسلام ختم گیارہویں شریف کا انعقاد کیا گیا



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) درود شریف کی بہت بڑی فضیلت ہے مفتی نوید اقبال چشتی تفصیلات کے مطابق جامع مسجد نور مصطفیٰ پرانے ہسپتال والی میں ماہانہ محفل درود وسلام ختم گیارہویں شریف کا انعقاد کیا گیا جس میں 313 بار ہدیہ درود شریف پڑھا گیا جس میں تلاوت قرآن پاک قاری محمد جعفر ہدیہ نعت شریف عمران سہروردی حاجی منیر قادری صاحبزادہ سعید احمد انصاری صدر مصطفائی تحریک اور خصوصی خطاب علامہ مفتی محمد نوید اقبال چشتی نے کیا آپ نے فضائل درود وسلام اور شان حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم اور حضرت امام حسن وحسین بیان کی محفل پاک میں خصوصی شرکت پیر شفیق محمدی بیلفی علامہ عبدالخالق سلطانی نوجوان صحافی حافظ محمد نوید کمبوہ و دیگر نے کی محفل پاک کے اختتام پر لنگر غوثیہ بھی کروایا گیا اور ملک پاکستان اور خصوصی طور پر حاجی عبدالرشید ملنگ کے درجات بلندی کے لیے خصوصی دعا کی گئی

لودھی سیکریٹریٹ میں عوامی مسائل سننے کے لیے وقت مختص

محترم نوید اسلم خان لودھی صاحب اور محترمہ عائشہ ارشد خاں لودھی نے مسائل سنے



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) محترم نوید اسلم خان لودھی صاحب اور محترمہ عائشہ ارشد خاں لودھی نے آج اپنے آفس لودھی سیکریٹریٹ میں عوامی مسائل سننے کے لیے وقت مختص کیا۔ حلقے کے مختلف علاقوں سے آئے لوگوں سے ملاقات کی، ان کے مسائل سنے اور فوری حل کی یقین دہانی کرائی۔ ترقیاتی کاموں اور عوامی فلاح و بہبود کے امور پر تفصیلی گفتگو کی تاکہ علاقے کی بہتری کے لیے موثر اقدامات کیے جاسکیں۔

اوکاڑہ انجمن تاجران کا گول چوک میں ضلعی انتظامیہ خلاف احتجاجی مظاہرہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ انجمن تاجران کا گول چوک میں ضلعی انتظامیہ خلاف احتجاجی مظاہرہ اوکاڑہ کی تاجر برادری ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ کے نامناسب رویہ پر آگ بگولہ ہوگئے احتجاجی مظاہرہ میں دکانداروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اوکاڑہ انجمن تاجران کا گول چوک میں ضلعی انتظامیہ خلاف احتجاجی مظاہرہ اوکاڑہ کی تاجر برادری ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ کے نامناسب رویہ پر آگ بگولہ ہوگئے احتجاجی مظاہرہ میں ان کا کہنا تھا کہ پہلے ہمارے دکانوں کو گرایا جا رہا ہے۔ اب ناجائز جرمانے کیے جا رہے ہیں تاجروں پر 50 سے 20 ہزار جرمانہ عائد کرنا ظلم ہے غریب تاجر اتنے بھاری جرمانے کیسے ادا کریں تاجروں پر مسلسل حکومت کی جانب سے قلم کیا جا رہا ہے کون سی غلطی ہوئی ہے جس کی ہم کو سزا دی جا رہی ہے حکومت فل فور ضلعی انتظامیہ کے اس غلط اقدام کا نوٹس لیں اگر جرمانوں کو نہ روکا گیا تو ہم اگلا لائحہ عمل کا اعلان کریں گے خدا دا حکومت پنجاب ہوش کے ناخن لے اور ہم تاجروں پر رحم کرے تاکہ ہم اپنے کاروبار کو اہمیت دیں اور باآسانی زندگی بسر کریں۔

ظفروال ٹی ایچ کیو ہسپتال میں شہریوں کو صحت سہولت کے بنیادی حقوق فراہم کیے جائیں شہریوں کا مطالبہ

ظفروال (زاہد چوہدری سے) تفصیلات کے مطابق حال ہی میں THQ ہسپتال میں تعینات ہونے والے ایم ایس ڈاکٹر راحت جاوید خاں سے شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ THQ ہسپتال میں شہریوں کو الٹراساؤنڈ۔ ECG کی سہولتیں فراہم کی جائیں۔ THQ ہسپتال میں صرف زچہ و بچہ کے لیے الٹراساؤنڈ کی سہولت فراہم کی جاتی ہے اور معدہ۔ گردہ۔ جگر اور دیگر مریضوں کو نجی ہسپتال یا نجی لیبارٹریوں سے الٹراساؤنڈ کا کہا جاتا ہے شہریوں کا کہنا ہے حکومت پنجاب نے شہریوں کو صحت کی بنیادی سہولتیں دینے کے لیے THQ ہسپتال کا منصوبہ دیا تھا اگر THQ ہسپتال یا لیبارٹریوں سے ہی سہولتیں لینی ہیں تو پھر THQ کا کیا فائدہ ہے۔

فیصل آباد پریس کلب اور پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کے زیراہتمام ''آزادی صحافت اور خودمختار معاشرہ'' کے موضوع پر سیمینار

سیمینار کی صدارت سیکرٹری جنرل پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس (ورکرز) صدر پریس کلب شاہد علی نے کی، جبکہ مہمان خصوصی صدر پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس (ورکرز) ڈاکٹر سعدیہ کمال تھیں



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) فیصل آباد پریس کلب اور پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس (ورکرز) کے زیر اہتمام ''آزادی صحافت اور خودمختار معاشرہ'' کے موضوع پر سیمینار منعقد ہوا۔ سیمینار کی صدارت سیکرٹری جنرل پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس (ورکرز) وصدر پریس کلب شاہد علی نے کی، جبکہ مہمان خصوصی صدر پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس (ورکرز) ڈاکٹر سعدیہ کمال تھیں۔ سیمینار میں صدر بار ایسوسی ایشن رائے سیف الرحمن بھٹی، پروفیسر ڈاکٹر ارم سلطانہ (جی سی یونیورسٹی)، سٹی صدر پیپلز پارٹی رانا نعیم دھنکیر، پاکستان تحریک انصاف کے میاں طیب، مسلم لیگ (ن) کے رہنما و سابق ایم پی اے خواجہ محمد اسلام، فنانس سیکرٹری پی ایف یو جے (ورکرز) عبدالرزاق چشتی، سینئر صحافی مقبول احمد لودھی، سینئر نائب صدر جی اے تنویر سمیت دیگر سیاسی، سماجی، وکلا اور صحافتی شخصیات نے شرکت کی۔ ڈاکٹر سعدیہ کمال نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پیکا ایکٹ آئین اور عوامی حقوق پر براہ راست حملہ ہے۔

(تیسلے پاکستان) کی شراکت سے قصر حیات ہال لاہور روڈ شیخوپورہ میں روڈ سیفٹی سیمینار

آئی جی راجہ رفعت مختار کی قیادت میں موٹروے پولیس روڈ سیفٹی کیلئے پرعزم ہے



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) آئی جی نیشنل ہائی وے موٹروے پولیس راجہ رفعت مختار کے خصوصی احکامات پر ڈپٹی کمانڈنٹ موٹروے پولیس ٹریننگ کالج شیخوپورہ ایس پی امداد اللہ شاہد نے مون سٹار ٹرانسپورٹ کمپنی (تیسلے پاکستان) کی شراکت سے قصر حیات ہال لاہور روڈ شیخوپورہ میں منعقدہ روڈ سیفٹی سیمینار کی صدارت کی اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ایس پی امداد اللہ شاہد نے کہا کہ آئی جی راجہ رفعت مختار کی قیادت میں موٹروے پولیس روڈ سیفٹی کیلئے پرعزم ہے اس ضمن میں نیشنل ہائی وے موٹروے پولیس عوام الناس اور روڈ یوزرز کے تحفظ جان و مال کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ جدید سے جدید سفری سہولیات مہیا کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ سیمینار میں ڈی ایس پی سیکورٹی ظہیر وقاص ایس ٹو ڈپٹی کمانڈنٹ عدنان پٹھوا انسپکٹر سید محمد وہی حیدر کاظمی پی آر او سید محمد قوی حیدر زیدی و دیگر افسران اور مختلف شعبوں سے وابستہ افراد نے شرکت کی۔

حافظ آباد: مدہریانوالہ میں عرصہ دراز سے پڑا کچرا اُٹھانے کا کام کشروع کر دیا گیا

عرصہ دراز سے پڑے کوڑے کرکٹ کے ڈھیروں کو ٹھکانے لگانے کے مرحلے کو شروع کیے جانے پر اہل علاقہ میں خوشی کی لہر دوڑ گئی



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) نواحی علاقہ مدہریانوالہ میں عرصہ دراز سے پڑا کچرا اٹھانے کا کام کشروع کر دیا گیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت نواحی گاؤں مدہریانوالہ میں عرصہ دراز سے پڑے کوڑے کرکٹ کے ڈھیروں کو ٹھکانے لگانے کے مرحلے کو شروع کیے جانے پر اہل علاقہ میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ اہل علاقہ نے ممتاز سماجی رہنما اقرا یعقوب ایڈووکیٹ کی سربراہی میں کہا ہے کہ عرصہ دراز سے پڑے کچرے کے ڈھیروں سے بعض پھوٹ رہا تھا، جس سے اہل علاقہ شدید پریشانی میں مبتلا تھے۔ بارہا مرتبہ صفائی ستھرائی کے لیے درخواستیں دینے کے باوجود بھی عمل درآمد نہیں ہو رہا تھا لیکن صفائی ستھرائی پر معمور پرائیویٹ کمپنی کے ایریا مینیجر ذیشان مصطفیٰ اور انسپکٹر عادل مغل کی خصوصی توجہ سے علاقہ بھر کی صفائی ستھرائی کے لیے عمل درآمد کا آغاز کر دیا گیا ہے جو کہ خوش آئند ہے۔ اہل علاقہ نے صفائی ستھرائی کے کاموں میں بہتری لانے پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا شکریہ ادا بھی کیا ہے۔

شارٹ سرکٹ سے لگنے والی گھر میں آگ نے گھر جلا کر خاکستر کر دیا

ریسکیو عملے نے بروقت پیشہ ورانہ مہارت سے کام لیتے ہوئے آگ پر جلد ہی قابو پالیا

قصور (بیورو چیف) قصور کے نواحی گاؤں بونگا پتی میں شارٹ سے لگنے والی گھر میں آگ نے گھر جلا کر خاکستر کر دیا، ریسکیو عملے نے بروقت پیشہ ورانہ مہارت سے کام لیتے ہوئے آگ پر جلد ہی قابو پالیا۔ قصور کے نواحی گاؤں بونگا پتی میں محنت کش معراج کا گھر لکڑیوں کی چھت سے بنا ہوا ہے اچانک شارٹ سرکٹ سے گھر میں آگ بھڑک اٹھی اور چھت میں لگڑی کے بالے ہونے کی وجہ سے آگ نے پورے گھر کو لپیٹ میں لے لیا جس سے پورے گھر کا سامان جل کر خاکستر ہوگیا، اطلاع پر ریسکیو 1122 کی امداد ٹیم نے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے جلد ہی آگ پر مکمل طور پر قابو پالیا، اس حادثے میں جانی نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔ پولیس تھانہ راجہ جنگ مصروف کاروائی ہے۔

میسکو افسران سے ملزمان کی بدتمیزی، سرکاری دفتر میں توڑ پھوڑ

ساجد جاوید کام کر رہا تھا محمد یونس نمبردار نے بحث شروع کر دی

قصور (ڈسٹرکٹ رپورٹر) لیسکو کوٹ رادھا کشن کے دفتر میں افسران کے خلاف دباؤ بڑھانے کے لیے ملزمان کی افسران سے بدتمیزی اور دفتر میں توڑ پھوڑ، لیسکو واپڈا کا لاکھوں کا نقصان، پولیس نے کار سرکار میں مداخلت پر مقدمہ درج کرلیا۔ لیسکو کوٹ رادھا کشن کے آفس میں انجینئر ساجد جاوید اپنے آفس میں کام کر رہا تھا کہ سدھو پورہ کے رہائشی محمد یونس نمبردار اپنے ساتھی سردار عبدالحمید کے ساتھ آئے اور انجینئر ساجد سے بحث شروع کر دی اور لیسکو واپڈا میں دباء بڑھایا کہ ہمارا ہر جائز و ناجائز کام کیا جائے اور پھر آفس میں توڑ پھوڑ شروع کر دی جس سے وہاں پڑا ہوا سامان کل مالیت تقریباً 41200.1 لاکھ روپے برباد کر دیا اور انجینئر ساجد جاوید سے بدتمیزی کی اسی کا شور شرابا سن کر عملہ جمع ہوا اور انجینئر ساجد جاوید کا بیچ بچاؤ کرایا۔ پولیس تھانہ کوٹ رادھا کشن مصروف کاروائی ہے۔

پیٹرولنگ پولیس ان ایکشن دورانِ سنیپ آپریشن ناجائز اسلحہ، شراب، ہیروئن برآمد

پیٹرولنگ پولیس پوسٹ بونگہ صالح سے اسسٹنٹ سب انسپکٹر محمد نوید، ناصر علی کی دورانِ ناکہ بندی ٹیم کے ہمراہ کاروائیاں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پیٹرولنگ پولیس ان ایکشن دورانِ سنیپ آپریشن ناجائز اسلحہ، شراب، ہیروئن اور چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد 05 ملزمان گرفتار متعدد دفعات کے تحت مقدمات درج تفصیلات کے مطابق پیٹرولنگ پولیس پوسٹ بونگہ صالح سے اسسٹنٹ سب انسپکٹر محمد نوید ناصر علی کی دورانِ ناکہ بندی ٹیم کے ہمراہ کاروائیاں ملزمان عابد ریاض اور حسنین کے قبضہ سے علاقہ تھانہ سٹی ساہیوال سے چوری شدہ ہنڈا موٹر سائیکل اور ناجائز پسٹل 30 بور معہ تین گولیاں قبضہ پولیس میں لے کر تھانہ چورستہ میاں خاں میں ریکوری کی دفعات کے تحت مقدمات درج کروا دیے جبکہ پیٹرولنگ پولیس پوسٹ بھومن شاہ سے اسسٹنٹ سب انسپکٹر عامر علی نے دوران گشت ہمراہ ٹیم برقت کاروائیوں کے سلسلے کو جاری رکھتے ہوئے ملزمان محمد عمران اور محمد عمر کے قبضے سے 20 لیٹر شراب دیسی اور 100 گرام ہیروئن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف امتناع منشیات کی دفعات کے تحت تھانہ حویلی لکھا میں مقدمات درج کروا دیے۔

نکانہ صاحب میں چوتھے بابا گورونانک دیو جی کشتی ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا

ڈپٹی کمشنر نکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راہو، ممبر صوبائی اسمبلی مہر کاشف رنگ الٰہی پڈھیار نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی



نکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) میونسپل کرکٹ اسٹیڈیم نکانہ صاحب میں چوتھے بابا گورونانک دیو جی کشتی ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راہو، ممبر صوبائی اسمبلی مہر کاشف رنگ الٰہی پڈھیار نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ نکانہ صاحب میں یہ ایونٹ ہونا اور کینیڈا سے کھلاڑیوں کی شرکت خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک پرامن ملک ہے یہاں لاءاینڈ آرڈر کا کوئی مسئلہ نہیں ہے، نکانہ صاحب کی عوام دنیا بھر آنے والے سکھ یاتریوں اور کھلاڑیوں سے بے پناہ محبت کرتی ہے۔ ممبر صوبائی اسمبلی مہر کاشف رنگ الٰہی پڈھیار نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں کھیلوں کے مقابلے انتہائی منظم طریقے سے کروا کر پنجاب لیول کی چیمپئن شپ بنائی جائے گی۔ ٹائٹل اپنے نام کرلیا، گدا کشتی میں پرتاب سنگھ فرام کینیڈا نے اپنے مدمقابل کو 9/1 سے شکست دے کر شیر پنجاب کا ٹائٹل جیت لیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راہو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نکانہ صاحب میں یہ ایونٹ ہونا اور کینیڈا سے کھلاڑیوں کی شرکت خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک پرامن ملک ہے یہاں لاءاینڈ آرڈر کا کوئی مسئلہ نہیں ہے، نکانہ صاحب کی عوام دنیا بھر آنے والے سکھ یاتریوں اور کھلاڑیوں سے بے پناہ محبت کرتی ہے۔ ممبر صوبائی اسمبلی مہر کاشف رنگ الٰہی پڈھیار نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں کھیلوں کے مقابلے انتہائی منظم طریقے سے کروا کر پنجاب لیول کی چیمپئن شپ بنائی جائے گی۔ ہیوی ویٹ گدا کشتی میں پاکستان کے پہلوان سنیچ سنگھ نے 3/10 سے مقابلہ جیت کر شیر پنجاب کا ٹائٹل اپنے نام کرلیا، گدا کشتی میں کینیڈا کے پہلوان سنیچ سنگھ نے 10/3

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) پیر 10 فروری 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

19 مقامی وزارتوں، محکموں اور سیاسی اداروں کے نمائندوں سے ملاقات کرے گی جس میں جوڈیشل کمشن آف پاکستان اور سپریم کورٹ آف پاکستان شامل ہیں، کمشن کو ٹوکن کی تکمیرانی، انتداد دہشتگردی، مالیاتی نگرانی، رسائت کے خلاف جنگ میں گہری چوٹ پہنچانے سے متعلق معاملات کو خاتمہ اور فی الحال کارروائی کا متابلہ کرنے کے لئے، ذرائع کے مطابق اس مشن کی مشروبہ پیشرفت کی رپورٹ جلد ہی کمشن کو پیش کیا جائے گا، ذرائع کے مطابق کمشن یہ ایک بہت ہی اہم قدم ہے جو کہ ملک کی عدالتوں اور سپریم کورٹ کو پرآیب اسلام آباد مالیاتی جرائم کی تفتیروں کے حوالے سے بڑی مدد کرے گا، ذرائع کا کہنا ہے کہ کمشن کے کام کا دائرہ کار کے تعین کے ساتھ ہی شروع ہو جائے گا، یہ بھی کہا جا رہا ہے کہ کمشن کی تفتیر کے طریقہ کار کے حوالے سے جلد ہی ایک پریس ریلیز جاری کی جائے گی، ذرائع کے مطابق کمشن کے ٹرمز آف ریفرنس کو حتمی شکل دینے کے لئے پہلے ہی کابینہ کمیٹی برائے قانون کے سامنے پیش کیا جا چکا ہے، ذرائع کا کہنا ہے کہ کمشن کی تشکیل کے بعد اس کے ٹرمز آف ریفرنس کو حتمی شکل دینے کے لئے کابینہ کمیٹی برائے قانون کے سامنے پیش کیا جائے گا، جس میں کمشن کے اختیارات، دائرہ کار اور کام کے طریقہ کار کو حتمی شکل دی جائے گی، ذرائع کے مطابق کمشن کے ٹرمز آف ریفرنس کو حتمی شکل دینے کے بعد اس کے ممبران کی تعیناتی کی جائے گی، کمشن کے ممبران کی تعیناتی کے بعد کمشن کے کام کا باقاعدہ آغاز ہو جائے گا، ذرائع کے مطابق

بہتر معاشی پالیسیوں سے مہنگائی اور بینک ریٹ میں کمی ہوئی، عبدالعلیم خان

ملک جہاں ایک سال پہلے تھا آج اس سے کہیں بہتر اور مثبت حالات میں ہے لہٰذا لوگوں کو سکھ کا سانس لینے دیں، اور منفی سیاست کو مسترد کردیں، صدر استحکام پاکستان پارٹی

حکومت کے اتحادی ہیں، ترقی و خوشحالی کے سفر میں حکومت کا ساتھ دیں گے، حکومت کا ایک سال مکمل ہونے پر آئی پی پی سیکرٹریٹ میں کیک کاٹنے کی تقریب کا انعقاد

لاہور (خبر نگار) وفاقی وزیر و صدر اجتماع پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ ملک کو دیوالیہ ہونا دیکھنے والوں کی خواہشات خاک میں مل گئیں ہیں۔ حکومت کی بہتر معاشی پالیسیوں کی وجہ سے آج مہنگائی، افراط زر اور بینک ریٹ میں کمی ہوئی ہے۔ وہ آئی پی پی سیکرٹریٹ میں کیک کاٹنے کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ تقریب کا اہتمام آئی پی پی لاہور کے سٹی صدر ملک زبان نصیب و دیگر عہدیداران کی جانب سے کیا گیا تھا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر صدر اجتماع پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان کا کہنا تھا کہ حکومت کو ایک سال مکمل ہو گیا ہے۔ یہ بات باعث خوشی ہے کہ گذشتہ سال ایک گھنٹے میں ایک بھی سیکنڈل سامنے نہیں آیا جس کا سارا کریڈٹ وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف کو جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس قدر ذمہ داری اور شفافیت (باقی صفحہ پر پیچھے نمبر42)



لاہور: صدر اجتماع پاکستان پارٹی اور وفاقی وزیر عبدالعلیم خان 8 فروری پر پارٹی کارکنوں سے خطاب کر رہے ہیں

صوابی جلسہ جعلی حکومت کے خلاف عوامی ریفرنڈم ثابت ہوا، بیرسٹر سیف

عوام کے سمندر نے جلسے میں شرکت کر کے جعلی حکومت کے مینڈیٹ چوری پر مہر تصدیق ثبت کر دی، بیان

8 فروری کو عوامی مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈالا گیا، ملک بھر کے عوام نے واضح کر دیا کہ یہ ملک بانی پی ٹی آئی عمران خان کا ہے

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا و سینئر وزیر بیرسٹر سیف کا کہنا تھا کہ عوام کے سمندر نے جلسے میں شرکت کر کے جعلی حکومت کے مینڈیٹ چوری پر مہر تصدیق ثبت کر دی، ملک بھر کے عوام نے واضح کر دیا کہ یہ ملک بانی پی ٹی آئی عمران خان کا ہے، انہوں نے کہا کہ 8 فروری کو عوامی مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈالا گیا، پنجاب میں کرشمہ ایک بیٹے (باقی صفحہ پر پیچھے نمبر34)

ملک بھر میں ادویات سمیت ہر قسم صحت کی سہولیات مزید مہنگی

جنوری میں میڈیکل ٹیسٹ کی فیسوں میں مزید 5.36 فیصد اضافہ ہوا، ادارہ شماریات

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں ادویات کی قیمتوں میں اضافہ ہونے کے علاوہ صحت کی دیگر سہولیات بھی مزید مہنگی ہو گئیں۔ ادارہ شماریات کے مطابق جنوری کے دوران صحت کی سہولیات 1.27 فیصد تک مہنگی ہوئیں، میڈیکل ٹیسٹ کی فیسوں میں مزید 5.36 فیصد (باقی صفحہ پر پیچھے نمبر 59)

بلاول بھٹو زرداری بہترین انتخاب ہیں، جنرل سیکرٹری لاہور

کارکنان پارٹی کے نظریے کو مضبوط، عوام کی خدمت کو اپنی اولین ترجیح بنائیں، رانا تسلیم

رائے ونڈ (این این آئی) پیپلز پارٹی لاہور کے جنرل سیکرٹری رانا تسلیم نے کہا کہ کارکنان پر زور دیا ہے کہ وہ پارٹی کے نظریے کو مزید مضبوط کریں اور عوام کی خدمت کو اپنی اولین ترجیح بنائیں، پیپلز پارٹی عوام کی طاقت سے ایک بار پھر طاقت ور کے کر دی ملک کو بحرانوں سے نکالنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ پیپلز پارٹی ماضی کی طرح مستقبل میں بھی عوامی خدمت کے عشق (باقی صفحہ پر پیچھے نمبر41)



کراچی: این ڈی ایم اے کی جانب سے فلسطین، لبنان اور شام کیلئے امدادی فراہمی کی 23 ویں کھیپ روانہ کی جارہی ہے

پی ٹی آئی اختلافات صوابی جلسے میں بھی بھر کر منے آ گئے

پی ٹی آئی کی صوابی قیادت کے مابین اختلافات کی جھلک صوابی جلسے میں بھی نظر آئی، شیر افضل مروت کو اسٹیج پر بیٹھنے کے لیے نشست نہیں مل سکی

قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف عمر ایوب نائب اسٹیج پر خاموش بیٹھے رہے، پی ٹی آئی کے رہنما عاطف خان بھی تقریر کے چلے گئے

صوابی (دیپ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے رہنماؤں کے درمیان اختلافات ملک میں عام انتخابات کو ایک سال مکمل ہونے پر منعقد ہونیوالے جلسے میں بھی نظر آئے، ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی کی صوابی قیادت کے مابین اختلافات کی جھلک صوابی جلسے میں بھی نظر آئی جہاں مرکزی رہنما اور گنڈاپور کی اسٹیج پر ایک ہی کرسی پر موجودگی نہیں ہو سکی، شیر افضل مروت کو اسٹیج پر بیٹھنے کے لیے نشست نہیں مل سکی (باقی صفحہ پر پیچھے نمبر 47)



لاہور: شہری مرکزی سبزی منڈی سے خریداری میں مصروف ہیں

موسم سرد اور خشک رہے گا، بعض مقامات پر بارش اور برفباری کا امکان

شمال مغربی بلوچستان، خیبر پختونخوا، کشمیر اور گلگت بلتستان میں چند مقامات پر ہلکی بارش کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ ملک کے مختلف علاقوں میں بارش اور برفباری کا امکان ظاہر کیا ہے۔ موسمیات کے مطابق اسلام آباد میں آج موسم سرد اور مطلع جزوی ابر آلود رہے گا جبکہ

بھنگ کو نقد فصل کے طور پر فروغ دینا ٹیکسٹائل کے شعبے میں انقلاب لاسکتا ہے

زرعی یونیورسٹی بھنگ کو نقد فصل کے طور پر متعارف کرانے کے لیے کام کر رہی ہے، ماہرین

کہوٹہ (این این آئی) بھنگ کو نقد فصل کے طور پر فروغ دینے سے پاکستان کے ٹیکسٹائل سیکٹر میں انقلاب برپا ہو سکتا ہے یونیورسٹی آف ایگریکلچر فیصل آباد کے شریار احمد کا کہنا ہے کہ یونیورسٹی پاکستان میں بھنگ کو نقد فصل کے طور پر متعارف کرانے کے لیے کام کر رہی ہے۔ گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھنگ ایک جڑی بوٹی ہے جس میں کپاس کی طرح ریشہ پایا جاتا ہے اور یہ کپڑے، مارا دویات (باقی صفحہ پر پیچھے نمبر53)

غزہ: حماس نے جنگ بندی ٹوٹنے کا عندیہ دیدیا

اب بھی مذاکرات میں جانے کے لیے تیار، اسرائیل تاخیر کر رہا ہے، ترجمان

غزہ (این این آئی) حماس کے ایک سینئر عہدیدار نے خبردار کیا ہے کہ اسرائیل کی جانب سے غزہ میں جنگ بندی کی عدم تعمیل نے اسے تباہ ہونے کے خطرے میں ڈال دیا ہے۔ حماس کے سیاسی بیورو



لاہور: کاربرڈ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ میں کارگر ورکنگ کلاس کی بہبود کے تحت تیار کردہ ہے

بنوں میں ایس این جی پی ایل ٹاسک فورس کی کارروائی

گیس چوری میں ملوث عناصر کے خلاف ایف آئی آر درج کر لی گئی ہے

لاہور (خبر نگار) سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ (ایس این جی پی ایل) کی ٹاسک فورس نے ریجنل ٹیم کے ہمراہ ضلع بنوں کے علاقے کوٹ حادل میں غیر قانونی گیس کنکشنز کے خلاف کارروائی کی۔ آپریشن کے دوران ٹاسک فورس ٹیم پر فائرنگ کی گئی، تاہم خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ گیس چوری میں ملوث عناصر کے خلاف ایف آئی آر درج کر لی گئی ہے۔ یہ کارروائی ڈی جی ایل جی پی ایل کی نیوں پر فائرنگ کا پہلا واقعہ نہیں ہے۔ اس سے قبل ڈاکہ ڈالنے اور سرکاری ملازمین کو یرغمال بنانے کے کئی واقعات رونما ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان قدر زمین کنکشنز کے خلاف کارروائیوں کے دوران ایسے حملے ہو چکے ہیں۔ (باقی صفحہ پر پیچھے نمبر44)

راولپنڈی سے 205 افغان مہاجرین ملک بدر

حکومت نے غیر قانونی افغان باشندوں کو ملک بدر کرنے کے منصوبے کا مسودہ تیار کر لیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی سے 205 افغان شہریوں کو ملک بدر کرتے ہوئے دیگر مہاجرین کو 31 مارچ تک ملک چھوڑنے کی ڈیڈ لائن دے دی ہے۔ حکومت نے پاکستان میں مقیم غیر قانونی افغان باشندوں کو ملک بدر کرنے کے منصوبے کا مسودہ تیار کر لیا ہے، گزشتہ روز راولپنڈی (باقی صفحہ پر پیچھے نمبر58)



اسلام آباد: مزدور ایف 8 سپر مارکیٹ چوک میں نئی سڑک بنا رہے ہیں

شہریوں کی پولیس سے متعلقہ شکایات کا حل اولین ترجیح ہے، ڈی پی او نکانہ

مسجد میں کھلی کچہری کا مقصد تمام طبقات کے لوگوں سے رابطہ مضبوط بنانا ہے، سید ندیم عباس

نکانہ صاحب (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نکانہ صاحب سید ندیم عباس نے کرشنہ نگر جھوک نماز کے بعد مرکزی جامع مسجد غریداں میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ ڈی پی او نے شہریوں کی درخواستیں سنیں اور موقع پر ہی فوری حل کے احکامات جاری کیے۔ شہریوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مسجد میں کھلی کچہری کا مقصد تمام طبقات کے لوگوں سے رابطہ مضبوط بنانا ہے۔ (باقی صفحہ پر پیچھے نمبر70)

الیف آئی آر کا ایک اور بڑا فیصلہ، خریداری کیش کے بجائے ڈیبٹ اور کریڈٹ کارڈ سے ہوگی

ٹیکس ون ری ٹیلرز اور بڑی دوکانوں پر ڈیبٹ اور کریڈٹ کارڈ ٹرمینلوں کی تنصیب لازمی قرار

لاہور (این این آئی) آئی ایف شرائط کو پورا کرنے اور یونین بڑھانے کیلئے ایف بی آر نے ایک اور بڑا فیصلہ کر لیا، جس کے تحت اب خریداری کیش کے بجائے ڈیبٹ اور کریڈٹ کارڈ سے ہوگی، اس اقدام کا مقصد ملک بھر میں کاروباری شیفٹ کو دستاویزی شکل دینا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پہلے مرحلے میں مراکز، ریسٹورنٹس، ہوٹلز اور شاپنگ مالز سمیت ہر وہ کاروبار جس کی ٹیلرز یا پوائنٹ آف سیل مشین (پی او ایس) موجود ہے، اس کو ڈیبٹ اور کریڈٹ کارڈ ٹرمینلوں کی تنصیب لازمی قرار دی گئی ہے۔ ساتھ ہی ایف بی آر کے کمپیوٹرائزڈ سسٹم کے ساتھ منسلک ہونا پڑے گا۔ اس کے بعد ایف بی آر کے سی پی ڈی کے ذریعے گرفتاری کا بھی فیصلہ ہو گیا ہے۔ قانون کے مطابق تمام (باقی صفحہ پر پیچھے نمبر36)

زرداری اور شریف فیملی ایک ہی سکے کے دو رخ ہیں، محمد حسین

بانی پی ٹی آئی کو سیاست سے باہر نکلنے کا راستہ دینا چاہیے، ہم نے ایک قدم بڑھایا تو دوسرا قدم کہاں ہوگا، بیرسٹر گوہر

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما محمد حسین نے کہا ہے کہ زرداری اور شریف فیملی ایک ہی سکے کے دو رخ ہیں، یہ چور چور کہتے ہیں، ن لیگ اور پیپلز پارٹی جب بھی اقتدار میں آتی ہیں کرپشن کہوٹہ میں غیر قانونی پیٹرول اور ڈیزل ایجنسیوں کے خلاف بڑی کارروائی

10 سے زائد سیل

کہوٹہ (این این آئی) کہوٹہ میں غیر قانونی پیٹرول اور ڈیزل ایجنسیوں کے خلاف بڑی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ اسسٹنٹ کمشنر کہوٹہ کی قیادت میں لوٹ تھہ، چالمالہ، ٹوکرال، جیدو، بگلہ روڈ، کھلول سمیت مختلف علاقوں میں چھاپے مارے گئے اور 10 سے زائد غیر قانونی ایجنسیاں سیل کر دی گئیں۔ یہ کارروائی عوامی تحفظ اور غیر قانونی کاروبار کے خاتمے کے لیے کی گئی۔ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ غیر قانونی پیٹرول اور ڈیزل ایجنسیوں کی وجہ سے نہ (باقی صفحہ پر پیچھے نمبر49)

ایل ڈبلیو ایم سی نے موسم کو ماحول دوست طرز زندگی اپنانے کی ترغیب دینے کیلئے آگاہی مہم کا آغاز کر دیا

نکانہ صاحب (این این آئی) لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی (ایل ڈبلیو ایم سی) نے مقامی افراد کو ماحول دوست طرز زندگی اپنانے کی ترغیب دینے کیلئے آگاہی مہم کا آغاز کر دیا۔ کونسٹرکشن مینجمنٹ کی سکول چوہر سکھاں میں آگاہی سیمینار منعقد کیا گیا، جس کی صدارت ڈی جی ایل ڈبلیو ایم سی نے کی۔ ایل ڈبلیو ایم سی کے زونل آپریشن ایڈمن آفیسر ذیشان اکرم بھٹی، اسسٹنٹ منیجر رانا نوید اور کمیونٹی منیجر محمد ابوبکر، منیجر طارق محمود بلوچ نے خطاب کیا اور طلبا کو صفائی (باقی صفحہ پر پیچھے نمبر52)

عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ ہر مسلمان کا دینی فریضہ ہے، مرکسٹ ہی مگر عقائد پر آنچ برداشت نہیں کر سکتے، بدیع الزمان بھٹی

نکانہ صاحب (این این آئی) ادارہ تعلیمات ختم نبوت انٹرنیشنل اور ورلڈ ختم نبوت فورس کے زیر اہتمام 27 فروری 1935 مقدمہ مرزائیہ پہاڑپور کی یاد میں یوم تحفظ ختم نبوت کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، جنگی صدارت مرکزی صدر ورلڈ ختم نبوت فورس محمد بدیع الزمان بھٹی ایڈووکیٹ نے کی، جبکہ مقامی بار کے صدر چوہدری یاسر ذوالقرار ایڈووکیٹ اور (باقی صفحہ پر پیچھے نمبر55)

فلسطینوں کو بیدخل کرنے کا امریکی صدر کا بیان ہچکچانہ ہے، قاری اعظم حسین

امریکی صدر کا فلسطینیوں کو فلسطین سے بے دخلی کا عندیہ اور غزہ پر قبضے کا بیان مضحکہ خیز ہے

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری جنرل و ایم این اے مولانا طیب خٹک، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد نوید، محمد

امریکہ سے بڑے پیمانے پر برآمدی آرڈرز ملنے کے امکانات ہیں

نئی مارکیٹوں کی تلاش کے لئے حکومت کی معاونت ضروری ہے، میاں عتیق الرحمان

حکومت طورخم بارڈر کے مسئلے کو حل کرائے، چیئرمین پی ای ایم ای اے

لاہور (این این آئی) پاکستان کاربٹ جنوبی انجینئرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین میاں عتیق الرحمان نے کہا ہے کہ امریکہ سمیت دیگر ممالک میں پاکستان کے ہاتھ سے بنے قالینوں کی مانگ بہت قرار ہے جو انتہائی حوصلہ افزا ہے، امریکہ میں نئی حکومت کے قیام کے بعد معاشی سرگرمیاں عروج

بانی پی ٹی آئی کی سیاست سے باہر نکلنے کی تجویز مسترد

قوم کو جعلی حکومت سے نجات دلانے کیلئے ہر قربانی دینے کو تیار ہیں، ہم نے ایک قدم بڑھایا تو دوسرا قدم کہاں ہوگا، بیرسٹر گوہر

اڈیالہ (خبر نگار) بانی پی ٹی آئی کی سیاست سے باہر نکلنے کی تجویز مسترد کر دی گئی۔ بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ ہم نے ایک قدم بڑھایا تو دوسرا قدم کہاں ہوگا، ہم نے ایک قدم بڑھایا تو ہمارے کارکنوں کو گرفتار کر لیا گیا، ہم نے ایک قدم بڑھایا تو ہمارے کارکنوں کو لاپتا کر دیا گیا، ہم نے ایک قدم بڑھایا تو ہمارے کارکنوں کو شہید کر دیا گیا، ہم نے ایک قدم بڑھایا تو ہمارے کارکنوں کو جعلی مقدمات میں سزائیں سنا دی گئیں، ہم نے ایک قدم بڑھایا تو ہمارے کارکنوں کو جیلوں میں تشدد کا نشانہ بنایا گیا، ہم نے ایک قدم بڑھایا تو ہمارے کارکنوں کو جیلوں میں ٹارچر کی